قد افلح 18

القرآن الكريم

لفظی اور با محاورہ ترجمہ

نگہت ہاشمی

اٰیاتها ۱۱۸ — ۲۳ سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ ۷۴ — رکوعاتها ٦

سُورہ مومنون مکی ہے اس میں ایک سو اٹھارہ آیات اور چھ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ

یقیناً | کامیاب ہو گئے | مومن | وہ لوگ جو | وہی | اپنی نماز میں

یقیناً مومن کامیاب ہو گئے۔(1) وہی جو اپنی نماز میں

خٰشِعُوْنَ ۙ﴿۲﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ﴿۳﴾

عاجزی کرنے والے ہیں | اور جو لوگ | وہی | لغویات سے | منہ موڑنے والے ہیں

عاجزی کرنے والے ہیں۔(2) اور وہی جو لغویات سے منہ موڑنے والے ہیں۔(3)

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۙ﴿۴﴾ وَالَّذِيْنَ

اور جو لوگ | وہی | زکوۃ کو | ادا کرنے والے ہیں | اور جو لوگ

اور وہی جو زکوٰۃ کو ادا کرنے والے ہیں۔(4) اور

هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ﴿۵﴾ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ

وہی | اپنی شرم گاہوں کی | حفاظت کرنے والے ہیں | سوائے | اُوپر | اپنی بیویوں کے

وہی جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں۔(5) سوائے اپنی بیویوں کے

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ

یا | جن کے | مالک بنے | دائیں ہاتھ اُن کے | تو یقیناً وہ | نہیں

یا جن کے مالک ان کے دائیں ہاتھ بنے تو یقیناً وہ

مَلُوۡمِيۡنَ ۚ﴿۶﴾ فَمَنِ ابۡتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓـئِكَ

ملامت کیے ہوئے | پھر جو | چاہے | علاوہ | اس کے | تو یہی لوگ

ملامت کیے ہوئے نہیں ہیں۔(6) پھر جو اس کے علاوہ کچھ اور ڈھونڈیں

هُمُ الۡعٰدُوۡنَ ۚ﴿۷﴾ وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِاَمٰنٰتِهِمۡ

وہ | حد سے بڑھنے والے ہیں | اور جو لوگ | وہی | اپنی امانتوں کے لیے

تو وہی حد سے بڑھنے والے ہیں۔(7) اور وہی جو اپنی امانتوں

وقف لازم

وَعَهۡدِهِمۡ رٰعُوۡنَ ۙ﴿۸﴾ وَالَّذِيۡنَ هُمۡ عَلٰى

اور اپنے عہد کی | رعایت کرنے والے ہیں | اور جو لوگ | وہ | اوپر

اور اپنے عہد کی رعایت کرنے والے ہیں۔(8) اور وہی جو

صَلَوٰتِهِمۡ يُحَافِظُوۡنَ ۘ﴿۹﴾ اُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡوٰرِثُوۡنَ ۙ﴿۱۰﴾

اپنی نمازوں کے | حفاظت کرتے ہیں | یہی لوگ | وہ | وارث ہیں

اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں۔(9) یہی لوگ وارث ہیں۔(10)

الَّذِيۡنَ يَرِثُوۡنَ الۡفِرۡدَوۡسَ ؕ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۱۱﴾

جو لوگ | وارثت پائیں گے | فردوس کی | وہ | اس میں | ہمیشہ رہنے والے ہیں

جو فردوس کے وارث ہوں گے، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔(11)

وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ سُلٰلَةٍ مِّنۡ طِيۡنٍ ۚ﴿۱۲﴾

اور بلاشبہ یقیناً | پیدا کیا ہم نے | انسان کو | خلاصے سے | مٹی کے

اور بلاشبہ یقیناً ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصے سے پیدا کیا۔(12)

ثُمَّ جَعَلۡنٰهُ نُطۡفَةً فِىۡ قَرَارٍ مَّكِيۡنٍ ۖ﴿۱۳﴾

پھر | بنایا ہم نے اسے | نطفہ | ایک ٹھکانے میں | محفوظ

پھر ہم نے اُسے ایک محفوظ ٹھکانے میں نطفہ بنادیا۔(13)

ثُمَّ	خَلَقْنَا	النُّطْفَةَ	عَلَقَةً	فَخَلَقْنَا	الْعَلَقَةَ
پھر	بنایا ہم نے	نطفے کو	جما ہوا خون	پھر بنادیا ہم نے	جمے ہوئے خون کو

پھر ہم نے نُطفے کو جما ہوا خون بنایا، پھر ہم نے اس جمے ہوئے خون کو

مُضْغَةً	فَخَلَقْنَا	الْمُضْغَةَ	عِظٰمًا	فَكَسَوْنَا	الْعِظٰمَ
بوٹی	پھر بنایا ہم نے	اس بوٹی کو	ہڈیاں	پھر پہنایا ہم نے	ہڈیوں کو

بوٹی بنادیا، پھر ہم نے اس بوٹی کو ہڈیاں بنایا، پھر ہم نے ان ہڈیوں کو گوشت پہنایا،

لَحْمًا ۗ	ثُمَّ	اَنْشَاْنٰهُ	خَلْقًا	اٰخَرَ ۭ	فَتَبٰرَكَ
گوشت	پھر	بنا کھڑا کیا ہم نے اسے	صورت	دوسری	سو بڑا ہی برکت والا ہے

پھر ہم نے اُسے ایک دوسری صورت میں بنا کھڑا کیا، سو بڑا ہی برکت والا ہے

اللّٰهُ	اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۭ﴿١٤﴾	ثُمَّ	اِنَّكُمْ	بَعْدَ	ذٰلِكَ
اللہ تعالیٰ	بہترین پیدا کرنے والا ہے	پھر	یقیناً تم	بعد	اس کے

اللہ تعالیٰ، بہترین پیدا کرنے والا ہے۔(14) پھر یقیناً اس کے بعد

لَمَيِّتُوْنَ ۭ﴿١٥﴾	ثُمَّ	اِنَّكُمْ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	تُبْعَثُوْنَ ﴿١٦﴾
ضرور مرنے والے ہو	پھر	یقیناً تم	دن	قیامت کے	اُٹھائے جاؤ گے

تم ضرور مرنے والے ہو۔(15) پھر یقیناً تم قیامت کے دن اُٹھائے جاؤ گے۔(16)

وَلَقَدْ	خَلَقْنَا	فَوْقَكُمْ	سَبْعَ	طَرَآئِقَ ڰ
اور بلاشبہ یقیناً	بنائے ہم نے	اُوپر تمہارے	سات	راستے

اور بلاشبہ یقیناً ہم نے تمہارے اُوپر سات راستے بنائے

وَمَا كُنَّا	عَنِ الْخَلْقِ	غٰفِلِيْنَ ﴿١٧﴾	وَاَنْزَلْنَا	مِنَ السَّمَاۗءِ
اور کبھی نہیں تھے ہم	مخلوق سے	غافل	اور نازل کیا ہم نے	آسمان سے

اور مخلوق سے ہم کبھی غافل نہیں تھے۔(17) اور ہم نے آسمان سے

مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى

پانی | ایک خاص اندازے سے | پھر ٹھہرایا ہم نے اسے | زمین میں | اور یقیناً ہم | اُوپر

ایک خاص اندازے سے پانی نازل کیا۔ پھر ہم نے اُسے زمین میں ٹھہرا دیا۔ اور یقیناً ہم

ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿١٨﴾ ج فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ

لے جانے کے | اس کے | ضرور قدرت رکھنے والے ہیں | پھر پیدا کیے ہم نے | تمہارے لیے

اُس کے لے جانے پر ضرور قدرت رکھنے والے ہیں۔(18) پھر اس کے ذریعے ہم نے تمہارے لیے

بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيْهَا

اس کے ذریعے | باغات | کھجور کے | اور انگور کے | تمہارے لیے | ان میں

کھجور اور انگور کے باغ پیدا کیے، اُن میں تمہارے لیے بہت سے لذیذ پھل ہیں

فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿١٩﴾ لا وَشَجَرَةً

پھل ہیں | بہت سے | اور انہی میں سے کچھ | تم کھاتے ہو | اور درخت

وقف لازم

اور ان ہی میں سے کچھ تم کھاتے ہو۔(19) اور ہم نے وہ درخت پیدا کیا

تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ

وہ نکلتا ہے | طورِ سینا سے | وہ اُگاتا ہے | تیل | اور سالن

جو طورِ سینا سے نکلتا ہے وہ اُگاتا ہے

لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ

کھانے والوں کے لیے | اور بلاشبہ | تمہارے لیے | مویشیوں میں | یقیناً بڑی عبرت ہے

وہ کھانے والوں کے لیے تیل اور سالن اُگاتا ہے۔(20) اور بلاشبہ تمہارے لیے مویشیوں میں یقیناً بڑی عبرت ہے،

نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا

ہم پلاتے ہیں تمہیں | اس میں سے جو | اُن کے پیٹ میں ہے | اور تمہارے لیے | ان میں

جو ان کے پیٹ میں ہے ہم اس میں سے تمہیں پلاتے ہیں اور تمہارے لیے ان میں

ع ۲۲ ۱ ۱

مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَأْكُلُوْنَ ۙ﴿۲۱﴾ وَعَلَيْهَا وَعَلَى

فائدے ہیں | بہت سے | اوران میں سے کچھ کو | تم کھاتے ہو | اوران پر | اوراُوپر

بہت سے دوسرے فائدے بھی ہیں اورانہی میں سے کچھ کوتم کھاتے بھی ہو۔(21)اوراُن پر

الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى

کشتیوں کے | تم سوار کیے جاتے ہو | اور بلاشبہ یقیناً | بھیجا ہم نے | نوح کو | طرف

اورکشتیوں پرتم سوار کیے جاتے ہو۔(22)اور بلاشبہ یقیناً ہم نے یقیناً نوح کو

قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

اس کی قوم کی | تو اُس نے کہا | اے میری قوم | عبادت کرو | اللہ تعالیٰ کی | نہیں ہے تمہارے لیے

اُس کی قوم کی طرف بھیجا تو اُس نے کہا: ”اے میری قوم! اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا

کوئی معبود | سوائے اس کے | تو کیا نہیں | تم ڈرتے | تو کہا | سرداروں نے

تمہارا کوئی معبود نہیں تو کیا تم ڈرتے نہیں ہو؟“(23) تو اُس کی قوم کے جن سرداروں نے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ

جنہوں نے | کفر کیا | اس کی قوم کے | نہیں ہے یہ | مگر | ایک آدمی

کفر کیا، انہوں نے کہا: ”یہ نہیں ہے مگر تمہارے جیسا ایک آدمی،

مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ

تمہارے جیسا | وہ چاہتا ہے | یہ کہ | وہ برتری حاصل کرے | تمہارے اُوپر

جو چاہتا ہے کہ تمہارے اوپر برتری حاصل کرلے

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚۖ مَّا سَمِعْنَا

اور اگر | چاہتا | اللہ تعالیٰ | تو ضرور نازل کرتا | فرشتے | نہیں سنا ہم نے

اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو ضرور فرشتے نازل کرتا، ہم نے

بِهٰذَا	فِيْٓ اٰبَآئِنَا	الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٤﴾ ج	اِنْ	هُوَ	اِلَّا
اس کو	اپنے باپ دادا میں	پہلے	نہیں ہے	وہ	مگر

اس سے پہلے اس کو باپ دادا میں نہیں سُنا، وہ

رَجُلٌۢ	بِهٖ	جِنَّةٌ	فَتَرَبَّصُوْا	بِهٖ	حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٢٥﴾
ایک آدمی	جس کو	جنون ہے	چنانچہ تم انتظار کرو	اس کا	ایک وقت تک

ایک آدمی ہے جس کو جنون ہے، سوایک وقت تک اُس کا انتظار کرو۔'' (25)

قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِيْ	بِمَا	كَذَّبُوْنِ ﴿٢٦﴾
اُس نے کہا	اے میرے رب	تُو مدد فرما میری	اس وجہ سے جو	اُنہوں نے جھٹلایا ہے مجھے

نوح نے کہا: ''اے میرے رب! تُو میری مدد فرما اس وجہ سے جو اُنہوں نے مجھے جھٹلایا ہے۔'' (26)

فَاَوْحَيْنَآ	اِلَيْهِ	اَنِ	اصْنَعِ	الْفُلْكَ	بِاَعْيُنِنَا
تو وحی کی ہم نے	طرف اس کی	یہ کہ	تم بناؤ	کشتی	ہماری نگاہوں کے سامنے

تو ہم نے اُس کی طرف وحی کی کہ ہماری نگاہوں کے سامنے

وَوَحْيِنَا	فَاِذَا	جَآءَ	اَمْرُنَا	وَفَارَ	التَّنُّوْرُ ۙ
اور ہماری وحی کے (مطابق)	پھر جب	آجائے	حکم ہمارا	اور اُبل پڑے	تنور

اور ہماری وحی کے مطابق کشتی بناؤ، پھر جب ہمارا حکم آجائے اور تنور اُبل پڑے

فَاسْلُكْ	فِيْهَا	مِنْ كُلٍّ	زَوْجَيْنِ	اثْنَيْنِ
تو تم لے چلو	اس میں	ہر چیز سے	جوڑا (نر اور مادہ)	دونوں

تو ہر چیز سے جوڑا (نر اور مادہ) دونوں کو لے چلو

وَاَهْلَكَ	اِلَّا	مَنْ	سَبَقَ	عَلَيْهِ	الْقَوْلُ
اور اپنے گھر والوں کو	مگر	جس پر	طے ہو چکی	جس پر	بات

اور اپنے گھر والوں کو مگر جس پر اُن لوگوں میں سے بات طے ہو چکی

مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ إِنَّهُمْ

اُن میں سے | اور نہ تم بات کرنا مجھ سے | اُن لوگوں کے بارے میں | جنھوں نے ظلم کیا | یقیناً وہ

اور اُن لوگوں کے بارے میں مجھ سے بات نہ کرنا جنھوں نے ظلم کیا ہے، یقیناً وہ

مُغْرَقُونَ ﴿٢٧﴾ فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنْتَ وَمَنْ مَعَكَ

غرق کیے جانے والے ہیں | پھر جب | چڑھ جاؤ | تم | اور جو | تمہارے ساتھ ہیں

غرق کیے جانے والے ہیں۔(27) پھر جب تم اور جو

عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا

اوپر | کشتی کے | تو کہہ دو | سب تعریف | اللہ تعالیٰ کی | جس نے | نجات دلائی ہمیں

تمہارے ساتھ ہیں صحیح طور سے کشتی میں چڑھ جاؤ تو کہنا سب تعریف اللہ تعالیٰ کی ہے جس نے

مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿٢٨﴾ وَقُلْ رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا

ظالم لوگوں سے | اور تم کہنا | اے میرے رب | اُتارنا مجھے | اُتارنا

ہمیں ظالم لوگوں سے نجات دلائی۔(28) اور کہنا اے میرے رب! مجھے اُتارنا

مُبَارَكًا وَأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ ﴿٢٩﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ

برکت والا | اور تو | بہترین اُتارنے والا ہے | بلاشبہ | اس میں | یقیناً نشانیاں ہیں

کہ برکت والا اتارنا ہو اور تو بہترین اُتارنے والا ہے۔(29) بلاشبہ اس میں یقیناً نشانیاں ہیں

وَإِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِينَ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ

اور بے شک | ہم تو | ضرور آزمائش کرنے والے ہیں | پھر | پیدا کیے ہم نے | اُن کے بعد

اور بے شک ہم تو ضرور آزمائش کرنے والے ہیں۔(30) پھر ان کے بعد ہم نے

قَرْنًا آخَرِينَ ﴿٣١﴾ ۚ فَأَرْسَلْنَا فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ

زمانے کے لوگ | دوسرے | پھر بھیجا ہم نے | اُن میں | ایک رسول | اُن ہی میں سے

دوسرے زمانے کے لوگ پیدا کیے۔(31) پھر ان میں ہم نے ایک رسول اُن ہی میں سے بھیجا

اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ

یہ کہ | تم عبادت کرو | اللہ تعالیٰ کی | نہیں ہے | تمہارا | کوئی معبود | اس کے سوا

کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں،

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ ع وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ

ع ۲/۲

تو کیا نہیں | تم ڈرتے | اور کہا | سرداروں نے | اس کی قوم میں سے | جنہوں نے

تو کیا تم ڈرتے نہیں ہو؟ (32) اور اس کی قوم میں سے ان سرداروں نے

كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ

کفر کیا | اور جھٹلایا | ملاقات کو | آخرت کی | اور خوش حال رکھا تھا ہم نے جن کو

جنہوں نے کفر کیا اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا اور جن کو دنیا کی زندگی میں ہم نے خوش حال رکھا تھا

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ

زندگی میں | دُنیا کی | نہیں | یہ | مگر | ایک آدمی | تمہارے جیسا

اُنہوں نے کہا: ’’یہ تمہارے ہی جیسا ایک آدمی ہے،

يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا

وہ کھاتا ہے | اس میں سے جو | تم کھاتے ہو | اس میں سے | اور وہ پیتا ہے | اس میں سے جو

یہ اس میں سے کھاتا ہے جو تم کھاتے ہو اور وہ اس میں سے پیتا ہے

تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ ۖ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ

تم پیتے ہو | اور یقیناً اگر | تم نے اطاعت کی | ایک انسان کی | اپنے جیسے | بلاشبہ تم

جو تم پیتے ہو۔ (33) اور اگر تم نے اپنے ہی جیسے ایک انسان کی اطاعت کی تب تم بلاشبہ

اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ ۙ اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ

تب | ضرور خسارہ اٹھانے والے ہو گے | کیا وعدہ دیتا ہے تمہیں | یقیناً تم | جب | مر گئے

ضرور خسارہ اُٹھانے والے ہی ہو گے۔ (34) کیا وہ تمہیں وعدہ دیتا ہے کہ یقیناً جب تم مر گئے اور

وَكُنْتُمْ	تُرَابًا	وَّعِظَامًا	اَنَّكُمْ	مُّخْرَجُوْنَ ۝٣٥ ۖ
اور ہو گئے تم	مٹی	اور ہڈیاں	بلاشبہ تم	نکالے جانے والے ہو

مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو بلاشبہ تم نکالے جانے والے ہو؟ (35)

هَيْهَاتَ	هَيْهَاتَ	لِمَا	تُوْعَدُوْنَ ۝٣٦ ۖ	اِنْ	هِيَ
بعید ہے	بعید ہے	اس کے لیے جو	تم وعدہ دیے جاتے ہو	نہیں ہے	یہ

بعید بالکل ہی بعید ہے جو تم وعدہ دیے جاتے ہو۔ (36) نہیں ہے یہ

اِلَّا	حَيَاتُنَا	الدُّنْيَا	نَمُوْتُ	وَنَحْيَا	وَمَا	نَحْنُ
مگر	زندگی ہماری	دُنیا کی	ہم مرتے ہیں	اور ہم جیتے ہیں	اور نہیں	ہم

مگر ہماری دنیا کی زندگی، ہم یہیں مرتے اور جیتے ہیں اور

بِمَبْعُوْثِيْنَ ۝٣٧ ۖ	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	رَجُلُ ِۨ	افْتَرٰى
ہرگز اُٹھائے جانے والے	نہیں ہے	وہ	مگر	ایک ایسا شخص	اس نے باندھا ہے

ہم ہرگز اُٹھائے جانے والے نہیں ہیں۔ (37) وہ نہیں ہے مگر ایک ایسا شخص

عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	وَّمَا	نَحْنُ	لَهٗ	بِمُؤْمِنِيْنَ ۝٣٨
اللہ تعالیٰ پر	جھوٹ	اور ہرگز نہیں	ہم	اس کی	ماننے والے

جس نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھا اور ہم اس کی ہرگز ماننے والے نہیں ہیں۔'' (38)

قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِيْ	بِمَا	كَذَّبُوْنِ ۝٣٩
رسول نے کہا	اے میرے رب	میری مدد کر	اس کے بدلے جو	اُنہوں نے جھٹلا دیا مجھے

رسول نے کہا: ''اے میرے رب! میری مدد کر اس کے بدلے جو انہوں نے مجھے جھٹلا دیا۔'' (39)

قَالَ	عَمَّا	قَلِيْلٍ	لَّيُصْبِحُنَّ	نٰدِمِيْنَ ۝٤٠ ج
اُس نے فرمایا	اُس سے جو	تھوڑی (مدت) ہے	یقیناً ضرور ہو جائیں گے	پچھتانے والے

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''تھوڑی ہی مدت ہے جس میں یقیناً یہ ضرور پچھتانے والے ہو جائیں گے۔'' (40)

فَاَخَذَتۡهُمُ الصَّيۡحَةُ بِالۡحَقِّ فَجَعَلۡنٰهُمۡ غُثَآءً ۚ

پھر پکڑ لیا اُن کو　ایک چیخ نے　حق کے ساتھ　چنانچہ کر دیا ہم نے اُن کو　خس و خاشاک

پھر ان کو ایک چیخ نے حق کے ساتھ آ پکڑا چنانچہ ہم نے اُن کو خس و خاشاک کر دیا،

فَبُعۡدًا لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۴۱﴾ ثُمَّ اَنۡشَاۡنَا مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ

سو دوری ہے　ظالم لوگوں کے لیے　پھر　ہم نے پیدا کیے　اُن کے بعد

سو ظالم لوگوں کے لئے دُوری ہو۔(41) پھر ہم نے ان کے بعد

قُرُوۡنًا اٰخَرِيۡنَ ﴿۴۲﴾ؕ مَا تَسۡبِقُ مِنۡ اُمَّةٍ اَجَلَهَا

زمانوں کے لوگ　دوسرے　نہ　آگے جاتی ہے　کوئی اُمت　اپنے وقت مقررہ سے

دوسرے زمانوں کے لوگ پیدا کیے۔(42) کوئی اُمت نہ اپنے وقتِ مقرر سے آگے جاتی ہے اور نہ ہی

وَمَا يَسۡتَاۡخِرُوۡنَ ﴿۴۳﴾ؕ ثُمَّ اَرۡسَلۡنَا رُسُلَنَا تَتۡرَا ؕ

اور نہ　وہ پیچھے رہتے ہیں　پھر　بھیجے ہم نے　اپنے رسول　پے در پے

وہ پیچھے رہتے ہیں۔(43) پھر ہم نے پے در پے اپنے رسول بھیجے۔ جب کبھی

كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوۡلُهَا كَذَّبُوۡهُ فَاَتۡبَعۡنَا

جب کبھی　آیا　کسی اُمت کے پاس　اس کا رسول　اُنہوں نے جھٹلایا اسے　پھر پیچھے چلتا کیا ہم نے

کسی اُمت کے پاس اُس کا رسول آیا اُنہوں نے اُسے جھٹلا دیا تو ہم نے ان کے بعض کو

بَعۡضَهُمۡ بَعۡضًا وَّجَعَلۡنٰهُمۡ اَحَادِيۡثَ ۚ فَبُعۡدًا

اُن کے بعض کو　بعض کے　اور بنا دیا ہم نے اُن کو　کہانیاں　سو دوری ہے

بعض کے پیچھے چلتا کیا اور ہم نے انہیں کہانیاں بنا دیا سو اُس قوم کے لیے دُوری ہے

لِّقَوۡمٍ لَّا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۴۴﴾ ثُمَّ اَرۡسَلۡنَا مُوۡسٰى

اس قوم کے لیے　جو نہیں ایمان لاتے　پھر　بھیجا ہم نے　موسیٰ کو

جو ایمان نہیں لاتے۔(44) پھر ہم نے موسیٰ

وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿۴۵﴾ اِلٰى

اور اس کے بھائی | ہارون کو | اپنی آیات کے ساتھ | اور دلیل کے ساتھ | واضح | طرف

اور اس کے بھائی ہارون کو اپنی آیات اور واضح دلیل کے ساتھ بھیجا۔(45)

فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا

فرعون کی | اور اس کے سرداروں کی | تو اُنہوں نے تکبر کیا | اور وہ تھے | لوگ

فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ

عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾ ج فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا

سرکش | چنانچہ اُنہوں نے کہا | کیا ہم ایمان لے آئیں | دو آدمیوں پر | اپنے ہی جیسے

سرکش لوگ تھے۔(46) چنانچہ اُنہوں نے کہا:'' کیا ہم اپنے ہی جیسے دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں

وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾ ج فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا

حالانکہ ان دونوں کی قوم | ہمارے لیے | غلام ہے | تو انہوں نے جھٹلایا اُن دونوں کو | چنانچہ وہ ہوئے

حالانکہ ان دونوں کی قوم ہماری غلام ہے۔''(47) تو انہوں نے دونوں کو جھٹلا دیا

مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ

ہلاک ہونے والوں میں سے | اور بلاشبہ یقیناً | عطا کی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب

چنانچہ وہ ہلاک ہونے والوں میں سے ہو گئے۔(48) اور بلاشبہ یقیناً موسیٰ کو ہم نے کتاب عطا کی

لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ

تا کہ وہ | ہدایت پائیں | اور بنایا ہم نے | ابنِ مریم کو | اور اس کی ماں کو

تا کہ وہ ہدایت پائیں۔(49) اور ہم نے ابنِ مریم اور اس کی ماں کو

اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ

ایک عظیم نشانی | اور ٹھکانہ دیا ہم نے اُن دونوں کو | طرف | ایک بلند زمین کی | رہنے کی جگہ کے قابل

ایک عظیم نشانی بنا دیا اور ہم نے اُن دونوں کو ایک بُلند زمین پر ٹھکانہ دیا

٣ ع ١٨ ٣

وَّمَعِيْنٍ ﴿٥٠﴾ يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ

اور بہتے پانی والی | اے | رسولو | کھاؤ | پاک چیزوں میں سے

جو بہتے پانی والی، رہنے کے قابل جگہ تھی۔(50) اے رسولو! کھاؤ پاک چیزوں میں سے

وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ؕ﴿٥١﴾

اور کام کرو | نیک | یقیناً میں | جو کچھ | تم عمل کرتے ہو | خوب جاننے والا ہوں

اور نیک کام کرو، جو کچھ تم عمل کرتے ہو یقیناً میں اُسے خوب جاننے والا ہوں۔(51)

وَاِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا

اور یقیناً | یہ | اُمت ہے تمہاری | اُمت | ایک ہی | اور میں

اور یقیناً یہ تمہاری اُمت ایک ہی اُمت ہے اور میں

رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿٥٢﴾ فَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ

تمہارا رب ہوں | سو تم ڈرو مجھ سے | پھر انہوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا | اپنے معاملے کو | آپس میں

تمہارا رب ہوں سو تم مجھ ہی سے ڈرو۔(52) پھر انہوں نے اپنے معاملے (دین) کو ٹکڑے

زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿٥٣﴾

کئی گروہ میں | ہر گروہ | جو کچھ | پاس ہے اُن کے | خوش ہیں

ٹکڑے کر کے کئی گروہوں میں ہو گئے، ہر گروہ کے پاس جو کچھ ہے وہ اسی پر خوش ہیں۔(53)

فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٥٤﴾ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا

چنانچہ آپ چھوڑ دیں اُنہیں | اُن کی غفلت میں | ایک وقت تک | کیا وہ سمجھتے ہیں | بلاشبہ

چنانچہ اُن کی غفلت میں ہی آپ اُنہیں ایک وقت تک چھوڑ دیں۔(54) کیا وہ سمجھتے ہیں کہ

نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ۙ﴿٥٥﴾ نُسَارِعُ

ہم مدد دے رہے ہیں ان کو | ساتھ اس کے | مال سے | اور بیٹوں سے | ہم سرگرمِ عمل ہیں

ہم اُنہیں مال اور بیٹوں سے مدد دے رہے ہیں؟(55) ہم اُنہیں

لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ط بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ

اُنہیں	بھلائیاں دینے میں	بلکہ	وہ سمجھتے نہیں	یقیناً	وہ لوگ جو	وہی

بھلائیاں دینے میں سرگرمِ عمل ہیں؟ بلکہ وہ سمجھتے نہیں۔(56) یقیناً وہ لوگ جو

مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ

خوف سے	اپنے رب کے	ڈرنے والے ہیں	اور وہ لوگ جو	وہی	آیات پر

اپنے رب کے خوف سے ڈرنے والے ہیں۔(57) اور وہ لوگ جو

رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٨﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا

اپنے رب کی	ایمان لاتے ہیں	اور جو لوگ	وہی	ساتھ اپنے رب کے	نہیں

اپنے رب کی آیات پر ایمان لاتے ہیں۔(58) اور وہ لوگ جو اپنے رب کے ساتھ شرک نہیں کرتے۔(59)

يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ

وہ شرک کرتے	اور جو لوگ	دیتے ہیں	جو کچھ	دیتے ہیں	اور دل اُن کے

اور وہ لوگ جو دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور اُن کے دل کانپتے ہیں کہ

وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿٦٠﴾ اُولٰٓئِكَ

کانپتے ہیں	بے شک وہ	طرف	اپنے رب کی	واپس جانے والے ہیں	یہی لوگ ہیں

بے شک وہ اپنے رب کی طرف واپس جانے والے ہیں۔(60) یہی لوگ ہیں

يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿٦١﴾

بھاگ دوڑ کرتے ہیں	نیک کاموں میں	اور وہ	انہی میں	سبقت لے جانے والے ہیں

جو نیک کاموں میں بھاگ دوڑ کرتے ہیں اور اُنہی میں سبقت لے جانے والے ہیں۔(61)

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا

اور نہیں ہم تکلیف دیتے	کسی نفس کو	مگر	اُس کی طاقت کے مطابق	اور ہمارے پاس

اور ہم کسی نفس کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور ہمارے پاس

كِتٰبٌ	يَّنْطِقُ	بِالْحَقِّ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾
ایک کتاب ہے	وہ بولے گی	حق کے ساتھ	اور وہ	نہیں وہ ظلم کیے جائیں گے

ایک کتاب ہے جو حق کے ساتھ بولے گی اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے۔(62)

بَلْ	قُلُوْبُهُمْ	فِيْ غَمْرَةٍ	مِّنْ هٰذَا	وَلَهُمْ	اَعْمَالٌ
بلکہ	دل اُن کے	غفلت میں ہیں	اس سے	اور اُن کے لیے	کام ہیں

بلکہ اُن کے دل اس سے غفلت میں ہیں اور اُن کے کام

مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ	هُمْ	لَهَا	عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾	حَتّٰٓى	اِذَآ
اس کے علاوہ	وہ	جنہیں	کرنے والے ہیں	حتی کہ	جب

اس کے علاوہ بھی ہیں جنہیں وہ کرنے والے ہیں۔(63) حتیٰ کہ جب

اَخَذْنَا	مُتْرَفِيْهِمْ	بِالْعَذَابِ	اِذَا	هُمْ	يَجْـَٔرُوْنَ ﴿۶۴﴾ ط
پکڑیں گے ہم	اُن کے خوش حال لوگوں کو	عذاب میں	اچانک	وہ	بلبلا رہے ہوں گے

ہم ان کے خوش حال لوگوں کو عذاب میں پکڑیں گے تو اچانک وہ

لَا تَجْـَٔرُوا	الْيَوْمَ قف	اِنَّكُمْ	مِّنَّا	لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۶۵﴾
نہ تم بلبلاؤ	آج	یقیناً تم	ہماری طرف سے	تمہیں مدد نہیں دی جائے گی

بلبلا رہے ہوں گے۔(64) مت بلبلاؤ، یقیناً آج ہماری طرف سے تمہیں کوئی مدد نہیں دی جائے گی۔(65)

قَدْ	كَانَتْ	اٰيٰتِيْ	تُتْلٰى	عَلَيْكُمْ	فَكُنْتُمْ
یقیناً	تھیں	میری آیتیں	پڑھی جاتی	تم پر	تو تھے تم

میری آیتیں تم پر پڑھی جاتی تھیں تو تم

عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ	تَنْكِصُوْنَ ﴿۶۶﴾ لا	مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ	بِهٖ	سٰمِرًا
اپنی ایڑیوں پر	پھر جایا کرتے	تکبر کرنے والے	اس پر	رات کو باتیں کرتے ہوئے

اپنی ایڑیوں پر پھر جایا کرتے تھے۔(66) تکبر کرنے والے بن کر، رات کو اُس پر باتیں کرتے ہوئے

تَهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ

تم بے ہودہ گوئی کرتے تھے تو کیا نہیں غور کیا اُنہوں نے کلام میں یا آتی ہے اُن کے پاس

تم بے ہودہ گوئی کرتے تھے۔(67) تو کیا اُن لوگوں نے اس کلام پر غور نہیں کیا یا ان کے پاس کوئی ایسی چیز آئی ہے

مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا

وہ چیز جو نہیں آتی تھی اُن کے باپ دادا کے پاس پہلے یا نہیں پہچانا انہوں نے

جو ان کے پہلے باپ دادا کے پاس نہیں آئی تھی؟(68) یا انہوں نے اپنے رسول کو پہچانا نہیں

رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ

اپنے رسول کو پھر وہ اس کا انکار کرنے والے ہیں یا وہ کہتے ہیں اس کو

کہ وہ اس کا انکار کرنے والے ہیں؟(69) یا وہ کہتے ہیں کہ اسے

جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ

جنون ہے بلکہ وہ لایا ہے اُن کے پاس حق کو اور ان میں سے اکثر حق کو

جنون ہے؟ بلکہ وہ ان کے پاس حق لایا ہے اور ان میں سے اکثر حق کو

كٰرِهُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ

ناپسند کرنے والے ہیں اور اگر پیچھے چلتا حق اُن کی خواہشات کے تو خراب ہو جائیں

ناپسند کرنے والے ہیں۔(70) اور اگر حق ان کی خواہشات کے پیچھے چلتا

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ

آسمان اور زمین اور جو کچھ اُن میں ہے بلکہ لائے ہیں ہم اُن کے پاس

تو آسمان اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے، سب میں فساد برپا ہو جاتا بلکہ ہم ان کے پاس ان ہی کی

بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٧١﴾ ؕ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ

ان ہی کی نصیحت تو وہ اپنی نصیحت سے منہ موڑنے والے ہیں یا آپ سوال کرتے ہو اُن سے

نصیحت لائے ہیں تو وہ اپنی نصیحت سے ہی منہ موڑنے والے ہیں۔(71) یا آپ ان سے کسی آمدنی کا سوال کرتے ہو؟

خَرۡجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيۡرٌ ۖ وَّهُوَ خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ ﴿۷۲﴾

کسی آمدنی کا | تو آمدنی | آپ کے ربّ کی | بہتر ہے | اور وہی | بہترین رزق دینے والا ہے

تو آپ کے ربّ کی آمدنی ہی بہتر ہے اور وہی بہترین رزق دینے والا ہے۔(72)

وَاِنَّكَ لَتَدۡعُوۡهُمۡ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿۷۳﴾ وَاِنَّ

اور بلاشبہ آپ | یقیناً بلاتے ہیں انہیں | طرف | سیدھے راستے کی | اور یقیناً

اور بلاشبہ آپ اُنہیں یقیناً سیدھے راستے کی طرف ہی بُلاتے ہیں۔(73)

الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوۡنَ ﴿۷۴﴾

وہ لوگ جو | نہیں ایمان رکھتے | آخرت پر | اصل راستے سے | وہ یقیناً ہٹے ہوئے ہیں

اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے، وہ اصل راستے سے یقیناً ہٹے ہوئے ہیں۔(74)

وَلَوۡ رَحِمۡنٰهُمۡ وَكَشَفۡنَا مَا بِهِمۡ مِّنۡ ضُرٍّ

اور اگر | رحم کریں ہم اُن پر | اور ہم دور کردیں | جو | اُن کے ساتھ ہے | کوئی تکلیف

اور اگر ہم ان پر رحم کریں اور ان پر سے کوئی تکلیف دور کردیں

لَّلَجُّوۡا فِىۡ طُغۡيَانِهِمۡ يَعۡمَهُوۡنَ ﴿۷۵﴾ وَلَقَدۡ

تو وہ اصرار کرنے لگیں گے | اپنی سرکشی میں | وہ بھٹک رہے ہوں گے | اور بلاشبہ یقیناً

تو وہ اپنی سرکشی میں اصرار کرنے لگیں گے، اس حالت میں کہ وہ بھٹک رہے ہوں گے۔(75) اور بلاشبہ

اَخَذۡنٰهُمۡ بِالۡعَذَابِ فَمَا اسۡتَكَانُوۡا لِرَبِّهِمۡ وَمَا

پکڑا ہم نے اُنہیں | عذاب میں | پھر نہ وہ جھکے | اپنے رب کے لیے | اور نہ

یقیناً ہم نے انہیں عذاب میں پکڑا تو نہ وہ اپنے رب کے سامنے جھکے اور نہ

يَتَضَرَّعُوۡنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰۤى اِذَا فَتَحۡنَا عَلَيۡهِمۡ بَابًا

وہ عاجزی اختیار کرتے تھے | یہاں تک کہ | جب | کھول دیا ہم نے | اُن پر | ایک دروازہ

وہ عاجزی اختیار کرتے تھے۔(76) یہاں تک کہ جب ہم نے ان پر ایک

ع ۵/۲۷

ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ ع

عذاب کا | سخت | تب اچانک | وہ | اس سے | مایوس تھے

سخت عذاب کا دروازہ کھول دیا تب اچانک وہ اس سے مایوس تھے۔(77)

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

اور وہی ہے | جس نے | بنائے تمہارے لیے | کان | اور آنکھیں

اور وہی ہے جس نے تمہارے کان اور آنکھیں

وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ وَهُوَ

اور دل | بہت ہی کم | جو | تم شکر ادا کرتے ہو | اور وہی ہے

اور دل بنائے، تم بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہو۔(78) اور وہی ہے

الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾

جس نے | پھیلایا تمہیں | زمین میں | اور اسی کی طرف | تم اکٹھے کیے جاؤ گے

جس نے زمین میں تمہیں پھیلا دیا اور اسی کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔(79)

وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ

اور وہی ہے | جو | زندہ کرتا ہے | اور وہی موت دیتا ہے | اور اُس کے لیے ہے | بدلنا

اور وہی ہے جو زندہ کرتا ہے اور وہی موت دیتا ہے اور رات اور دن کا بدلنا اُسی کے اختیار میں ہے

الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلْ قَالُوْا

رات کا | اور دن کا | کیا پھر نہیں | تم سمجھتے | بلکہ | اُنہوں نے کہا

تو کیا تم نہیں سمجھتے؟(80) بلکہ اُنہوں نے کہا

مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا

جیسے | کہا | پہلے لوگوں نے | اُنہوں نے کہا | کیا جب | مرجائیں گے ہم

جیسے پہلے لوگوں نے کہا تھا۔(81) اُنہوں نے کہا کہ کیا جب ہم مرجائیں گے

وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾

اور ہو جائیں گے ہم | مٹی | اور ہڈیاں | کیا واقعی ہم | اُٹھائے جانے والے ہیں

اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم واقعی اُٹھائے جانے والے ہیں؟ (82)

لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا

بلاشبہ یقیناً | وعدہ کیا گیا ہم سے | ہم سے | اور ہمارے باپ دادا سے | اس کا

بلاشبہ یقیناً یہ وعدہ ہم سے بھی کیا گیا اور اس سے پہلے ہمارے باپ دادا سے بھی،

مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾

اس سے پہلے | نہیں | یہ | سوائے | کہانیاں | پہلے لوگوں کی

یہ محض اس سے پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ (83)

قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ

آپ کہہ دیں | کس کے لئے ہے | زمین | اور جو | اس میں ہے | اگر | ہو تم

آپ پوچھیں کس کا ہے جو زمین اور اس میں ہے اگر

تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا

تم جانتے | جلد ہی وہ کہیں گے | اللہ تعالیٰ کا ہے | آپ کہہ دو | تو کیا نہیں

تم جانتے ہو؟ (84) وہ جلد ہی کہیں گے اللہ تعالیٰ کا ہے، آپ کہہ دو

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ

تم نصیحت حاصل کرتے | آپ کہہ دیں | کون ہے | رب | آسمانوں کا | سات

تو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے؟ (85) آپ پوچھیں سات آسمانوں کا رب

وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ

اور رب | عرشِ عظیم کا | جلد ہی وہ کہیں گے | اللہ تعالیٰ کے لیے ہے

اور عرشِ عظیم کا رب کون ہے؟ (86) وہ جلد ہی کہیں گے اللہ تعالیٰ کے لئے ہے،

قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٨٧﴾ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ

آپ کہہ دیں | تو کیا نہیں | تم ڈرتے | آپ کہہ دیں | کس کے ہاتھ میں ہے | بادشاہت

کہہ دو تو کیا تم ڈرتے نہیں؟ (87) آپ پوچھیں کہ ہر چیز کی مکمل بادشاہت کس کے ہاتھ میں ہے

كُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ

ہر چیز کی | اور وہی | پناہ دیتا ہے | اور نہیں پناہ دی جا سکتی | اس کے مقابلے میں | اگر

اور وہی پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلے میں پناہ نہیں دی جا سکتی اگر

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٨﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ

ہو تم | جانتے | جلد ہی وہ کہیں گے | اللہ تعالیٰ کے لیے ہے | آپ کہہ دو

تم جانتے ہو؟ (88) وہ جلد ہی کہیں گے اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے، کہہ دو

فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ﴿٨٩﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ

تو کہاں سے | تمہیں جادو کیا جاتا ہے | بلکہ | لائے ہیں ہم اُن کے پاس | حق کو | اور بلاشبہ وہی

کہ کہاں سے تمہیں جادو کیا جاتا ہے؟ (89) بلکہ ہم ان کے پاس حق لائے ہیں اور بلاشبہ وہی

لَكٰذِبُوْنَ ﴿٩٠﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ

یقیناً جھوٹے ہیں | نہیں بنایا | اللہ تعالیٰ نے | کسی کو بیٹا | اور نہ ہی | ہے

یقیناً جھوٹے ہیں۔ (90) اللہ تعالیٰ نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا اور نہ ہی

مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا

اُس کے ساتھ | کوئی معبودِ برحق | تب | ضرور لے جاتا | ہر | معبود | اس کو جو

اس کے ساتھ کوئی اور معبود ہے ورنہ ہر معبود ضرور اس کو لے جاتا جو

خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ

اس نے پیدا کیا | اور ضرور چڑھ دوڑتے | اُن میں سے بعض | اوپر | بعض کے | پاک ہے

اس نے پیدا کیا اور ان میں سے ایک دوسرے پر ضرور چڑھ دوڑتا، پاک ہے

اللّٰهِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ﴿۹۱﴾ۙ عٰلِمِ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ

اللہ تعالیٰ | اس سے جو | وہ بیان کرتے ہیں | جاننے والا ہے | غیب کا | اور حاضر کا

اللہ تعالیٰ اس سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔(91) وہ غیب اور حاضر کا جاننے والا ہے

فَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾ؑ قُلْ رَّبِّ

پس بہت بلند ہے | اس سے جو | وہ شریک بناتے ہیں | آپ کہہ دو | اے میرے رب

پس وہ اس سے بہت بلند ہے جسے وہ شریک بناتے ہیں۔(92) آپ دُعا کریں اے میرے رب!

اِمَّا تُرِیَنِّیْ مَا یُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾ۙ رَبِّ فَلَا

اگر | ضرور آپ دکھائیں مجھے | جس کا | وہ وعدہ دیے جاتے ہیں | اے میرے رب | تو نہ

اگر آپ ضرور مجھے وہ دکھائیں جس کا وہ وعدہ دیے جاتے ہیں۔(93) تو اے میرے رب! مجھے

تَجْعَلْنِیْ فِی الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۹۴﴾ وَاِنَّا عَلٰۤی اَنْ نُّرِیَكَ

تُو شامل کرنا مجھے | ظالم لوگوں میں | اور بلاشبہ ہم | اُوپر | یہ کہ | ہم دکھائیں آپ کو

ظالم لوگوں میں شامل نہ کرنا۔(94) اور بلاشبہ ہم اس پر یقیناً قادر ہیں کہ آپ کو وہ چیز دکھا دیں

مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ

وہ جس کا | ہم وعدہ کر رہے ہیں اُن سے | قادر ہیں | آپ دور کریں | اس سے جو | وہ

جس کا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں۔(95) آپ بُرائی کو اس طریقے سے دور کریں

اَحْسَنُ السَّیِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾

سب سے اچھا ہو | بُرائی کو | ہم | زیادہ جاننے والے ہیں | جو بھی | وہ بیان کرتے ہیں

جو سب سے اچھا ہو، جو بھی وہ بیان کرتے ہیں ہم اسے زیادہ جاننے والے ہیں۔(96)

وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ﴿۹۷﴾ۙ

اور آپ کہہ دیں | اے میرے رب | میں پناہ میں آتا ہوں آپ کی | اکساہٹوں سے | شیطان کی

اور آپ دُعا کریں اے میرے رب! میں شیطان کی اکساہٹوں سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں۔(97)

ع ۵ ۱۵ ۵

وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿٩٨﴾ حَتّٰٓى

اور میں پناہ میں آتا ہوں آپ کی اے میرے رب یہ کہ وہ حاضر ہوں میرے پاس یہاں تک کہ

اور اے میرے رب میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔(98) یہاں تک کہ

اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ

جب آتی ہے اُن میں سے کسی ایک کو موت کہتا ہے اے میرے رب

جب ان میں سے کسی ایک پر موت آتی ہے تو وہ کہتا ہے اے میرے رب!

ارْجِعُوْنِ ﴿٩٩﴾ لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ

لوٹا دے مجھے تاکہ میں میں کام کروں نیک اس میں جو میں چھوڑ آیا ہوں

مجھے لوٹا دے۔(99) تاکہ میں اس (دنیا) میں نیک کام کروں جسے میں چھوڑ آیا ہوں۔

كَلَّا ۭ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ۭ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ

ہرگز نہیں یقیناً وہ ایک بات ہے وہ کہنے والا ہے اس کا اور ان سب کے آگے

ہرگز نہیں، بس ایک بات ہے جو وہ کہنے والا ہے اور اُس دن تک ان سب کے آگے

بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿١٠٠﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ

ایک پردہ ہے اُس دن تک جب وہ اُٹھائے جائیں گے پھر جب پھونکا جائے گا صور میں

ایک برزخ ہے جب وہ اُٹھائے جائیں گے۔(100) پھر جب صور میں پھونکا جائے گا

فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿١٠١﴾

تو نہ کوئی قرابت داریاں ہوں گی اُن کے درمیان اُس دن اور نہ وہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے

تو اُس دن اُن کے درمیان کوئی قرابت داریاں نہ رہیں گی اور نہ ہی وہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے۔(101)

فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿١٠٢﴾

پھر وہ شخص بھاری ہوں گے جس کے پلڑے تو یہی لوگ وہی کامیاب ہیں

پھر وہ شخص جس کے پلڑے بھاری ہوں گے تو وہی لوگ کامیاب ہیں۔(102)

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا

اور وہ شخص | ہلکے ہوں گے | پلڑے جس کے | تو وہی لوگ ہیں | جنہوں نے | خسارے میں ڈالا

اور وہ شخص جس کے پلڑے ہلکے ہوں گے تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کو خسارے میں ڈالا،

اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ج تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ

اپنی جانوں کو | جہنم میں | وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں | جھلسا دے گی | اُن کے چہروں کو | آگ

وہ جہنم میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔(103) اُن کے چہروں کو آگ جھلسا دے گی

وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى

اور وہ | اُس میں | جبڑے نکالنے والے ہوں گے | کیا نہیں | تھیں | میری آیات | وہ پڑھ کر سنائی جاتی

اور اس میں وہ جبڑے نکالنے والے ہوں گے۔(104) ”کیا میری آیات تمہیں پڑھ کر سنائی نہیں جاتی تھیں؟

عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا

تمہیں | پھر تھے تم | اُنہیں | جھٹلاتے | وہ کہیں گے | اے ہمارے رب

پھر بھی تم اُنہیں جھٹلاتے تھے۔“(105) وہ کہیں گے: ”اے ہمارے رب!

غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾

غالب آگئی | ہم پر | بدبختی ہماری | اور تھے ہم | لوگ | گمراہ

ہماری بدبختی ہم پر غالب آگئی اور ہم گمراہ لوگ تھے۔(106)

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا

اے ہمارے رب | نکال ہمیں | یہاں سے | پھر اگر | ہم دوبارہ کریں | تو بلاشبہ ہم

اے ہمارے رب! ہمیں یہاں سے نکال، پھر اگر ہم دوبارہ کریں تو بلاشبہ ہم ہی

ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾

ظالم ہوں گے | اللہ تعالیٰ فرمائے گا | خوار رہو | اس میں | اور نہ تم بات کرو مجھ سے

ظالم ہوں گے۔“(107) اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ”یہیں خوار رہو اور مجھ سے بات نہ کرو۔(108)

اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ

یقیناً وہ | تھا | ایک گروہ | میرے بندوں میں سے | وہ کہتا تھا | اے ہمارے رب

یقیناً میرے بندوں میں سے ایک گروہ کہتا تھا کہ اے ہمارے رب!

اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ

ہم ایمان لائے | سو آپ معاف کردیں ہمیں | اور آپ رحم فرمایے ہم پر | اور تُو

ہم ایمان لائے لہٰذا تو ہمیں معاف فرمادے اور ہم پر رحم فرما اور تُو

خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۚ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى

سب رحم کرنے والوں سے بہتر رحم کرنے والا ہے | تو تم نے بنایا اُن کا | مذاق | یہاں تک کہ

سب رحم کرنے والوں سے بہتر ہے۔(109) چنانچہ تم نے ان کا مذاق بنایا یہاں تک کہ

اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

اُنہوں نے بھلا ہی دی تمہیں | میری یاد | اور تھے تم | اُن سے | ہنسا کرتے

اُنہوں نے تمہیں میری یاد ہی بھلادی اور تم اُن سے ہنسا کرتے تھے۔(110)

اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا ۙ

یقیناً میں نے | جزادی میں نے اُن کو | آج کے دن | بدلے اس کے جو | اُنہوں نے صبر کیا

یقین کرو آج کے دن میں نے انہیں اس کے بدلے میں جو انہوں نے صبر کیا یہ جزادی

اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ

بلاشبہ وہ | وہی | کامیاب ہیں | اللہ تعالیٰ فرمائے گا | کتنا | رہے تم

بلاشبہ وہی کامیاب ہیں۔"(111) اللہ تعالیٰ فرمائے گا: "تم

فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا

زمین میں | گنتی | سالوں کی | وہ کہیں گے | ہم رہے | ایک دن

سالوں کی گنتی میں زمین میں کتنا رہے ہو؟"(112) وہ کہیں گے: "ہم ایک دن

أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿١١٣﴾ قٰلَ

یا | کچھ حصہ | دن کا | پس آپ پوچھ لیں | شمار کرنے والوں سے | اللہ تعالیٰ فرمائے گا

یا اس دن کا کچھ حصہ رہے ہیں، پس آپ شمار کرنے والوں سے پوچھ لیں۔'' (113) اللہ تعالیٰ فرمائے گا:

إِنْ لَّبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ

نہیں | رہے تم | مگر | تھوڑا | کاش | واقعی تم | ہوتے تم

'' تم تھوڑی ہی مدت رہے ہو، کاش واقعی تم بات کو

تَعْلَمُوْنَ ﴿١١٤﴾ أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا

جانتے | تو کیا تم نے گمان کیا | بلاشبہ | پیدا کیا ہم نے تمہیں | بے مقصد

جانتے ہوتے!'' (114) تو پھر کیا تم نے یہ گمان کیا کہ بلاشبہ ہم نے تمہیں بے مقصد پیدا کیا ہے

وَّأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿١١٥﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ

اور بلاشبہ تمہیں | ہماری طرف | نہیں واپس لوٹایا جائے گا | تو بے حد بلند ہے | اللہ تعالیٰ

اور بلاشبہ تمہیں ہماری طرف واپس نہیں لوٹایا جائے گا؟ (115) تو اللہ تعالیٰ بے حد بلند ہے

الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ

بادشاہ | حقیقی | نہیں | کوئی معبود | سوائے | اس کے | رب ہے

جو بادشاہِ حقیقی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں،

الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿١١٦﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا

عرش کا عزت والے | اور جو کوئی | پکارتا ہے | اللہ تعالیٰ کے ساتھ | معبود کو

عزت والے عرش کا رب ہے۔ (116) اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کے ساتھ

اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَإِنَّمَا حِسَابُهٗ

دوسرے | نہیں کوئی دلیل | اس کے لئے | جس کی | تو بلاشبہ | حساب اس کا

کسی دوسرے معبود کو پکارتا ہے جس کی اس کے پاس کوئی دلیل نہیں تو بلاشبہ اس کا حساب

عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ

اس کے رب کے پاس ہے | یقیناً وہ | نہیں فلاح پائیں گے | کافر | اور آپ کہہ دیں

اس کے رب ہی کے پاس ہے، یقیناً کافر کبھی فلاح نہیں پائیں گے۔(117) اور آپ دُعا کریں کہ

رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ع

اے میرے رب | تُو بخش دے | اور رحم فرما | اور تُو | سب رحم کرنے والوں سے بہتر ہے

اے میرے رب! بخش دے اور رحم فرما اور تُو رحم کرنے والوں میں سب سے اچھا رحم فرمانے والا ہے۔(118)

اٰیاتها ٦٤ | ۲۴ سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۲ | رکوعاتها ۹

سُورہ نور مدنی ہے اس میں چونسٹھ آیات اور نو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا

(یہ) ایک سورت ہے | جسے نازل کیا ہم نے | اور فرض کیا ہم نے اسے | اور نازل کیں ہم نے

یہ ایک سُورت ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے اور ہم نے اسے فرض کیا ہے اور ہم نے اس میں

فِيْهَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱﴾ اَلزَّانِيَةُ

اس میں | آیات | واضح | تاکہ تم | تم نصیحت حاصل کرو | زانیہ عورت

واضح آیات نازل کی ہیں تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔(1) زانیہ عورت

وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ

اور زانی مرد | پس تم کوڑے مارو | ہر ایک کو | ان دونوں میں سے | سو

اور زانی مرد، دونوں میں سے ہر ایک کو تم سو کوڑے مارو

ع ۲٦ ٦ ٦

جَلْدَةٍ ۠ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ

کوڑے — اور نہ — تمہیں پکڑے — اُن دونوں کے بارے میں — نرمی — میں — دین

اوران دونوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے دین میں نرمی تمہیں دامن گیر نہ ہو،

اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ

اللہ تعالیٰ کے — اگر — ہوتم — ایمان رکھتے — اللہ تعالیٰ پر — اوردن پر — آخرت کے

اگر تم اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہو

وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾ اَلزَّانِيْ

اورضرور موجود رہے — ان دونوں کی سزامیں — ایک گروہ — اہلِ ایمان کا — زانی مرد

اوردونوں کی سزا کے وقت اہلِ ایمان کا ایک گروہ ضرور موجود رہے۔(2) زانی

لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۠ وَّالزَّانِيَةُ

نہیں نکاح کرے گا — مگر — زانیہ عورت سے — یا — مشرکہ عورت سے — اورزانیہ عورت

نکاح نہیں کرے گا مگر زانیہ یا مشرکہ عورت کے ساتھ ہی

لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ

نہیں نکاح کرے گا اس عورت سے — مگر — زانی مرد — یا — مشرک مرد — اورحرام کردیا گیا

اورزانیہ کے ساتھ نکاح نہیں کرے گا مگر زانی یا مشرک مرد ہی

ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ

یہ — اہلِ ایمان پر — اورجولوگ — تہمت لگائیں — پاک دامن عورتوں پر

اوراہلِ ایمان پر یہ حرام کردیا گیا ہے۔(3) اورجولوگ پاک دامن عورتوں پر تہمت لگائیں

ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ

پھر — نہ وہ لائیں — چار — گواہ — پھرتم کوڑے مارواُنہیں — اَسّی(80)

پھر چار گواہ نہ لائیں تو تم انہیں اسّی (80) کوڑے مارو

جَلۡدَةً	وَّلَا تَقۡبَلُوۡا	لَهُمۡ	شَهَادَةً	اَبَدًا ۚ	وَاُولٰٓئِكَ
کوڑے	اور نہ تم قبول کرو	اُن کی	کوئی گواہی	کبھی بھی	اور وہی لوگ

اورتم ان کی کوئی گواہی کبھی قبول نہ کرو اور وہی نافرمان

هُمُ	الۡفٰسِقُوۡنَ ۙ﴿۴﴾	اِلَّا	الَّذِيۡنَ	تَابُوۡا	مِنۡۢ بَعۡدِ
وہی	نافرمان ہیں	مگر	جن لوگوں نے	توبہ کی	بعد

لوگ ہیں۔(4) مگر جن لوگوں نے اس کے بعد توبہ کی

ذٰلِكَ	وَاَصۡلَحُوۡا ۚ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوۡرٌ	رَّحِيۡمٌ ﴿۵﴾
اس کے	اور اصلاح کرلی	تو بلاشبہ	اللہ تعالیٰ	بے حد بخشنے والا	نہایت رحم والا ہے

اور اصلاح کرلی تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا ،نہایت رحم والا ہے۔(5)

وَالَّذِيۡنَ	يَرۡمُوۡنَ	اَزۡوَاجَهُمۡ	وَلَمۡ يَكُنۡ	لَّهُمۡ	شُهَدَآءُ
اور جولوگ	تہمت لگائیں	اپنی بیویوں پر	اور نہ ہوں	اُن کے پاس	گواہ

اور جولوگ اپنی بیویوں پر تہمت لگائیں اور ان کے پاس اپنے سوا کوئی گواہ نہ ہوں

اِلَّآ	اَنۡفُسُهُمۡ	فَشَهَادَةُ	اَحَدِهِمۡ	اَرۡبَعُ	شَهٰدٰتٍۢ
سوائے	ان کے اپنے نفس	تو گواہی	اُن میں سے ایک شخص کی	چار	شہادتیں

ان میں سے ایک شخص کی گواہی اللہ تعالیٰ کی قسم کے ساتھ چار(4) شہادتیں ہیں

بِاللّٰهِ ۙ	اِنَّهٗ	لَمِنَ الصّٰدِقِيۡنَ ﴿۶﴾	وَالۡخَامِسَةُ
اللہ تعالیٰ کی قسم کے ساتھ	بلاشبہ وہ	یقیناً سچے لوگوں میں سے ہے	اور پانچویں دفعہ

کہ بلاشبہ وہ یقیناً سچے لوگوں میں سے ہے۔(6) اور پانچویں دفعہ

اَنَّ	لَعۡنَتَ	اللّٰهِ	عَلَيۡهِ	اِنۡ	كَانَ	مِنَ الۡكٰذِبِيۡنَ ﴿۷﴾
یقیناً	لعنت ہو	اللہ تعالیٰ کی	اس پر	اگر	وہ ہے	جھوٹوں میں سے

یہ کہ یقیناً اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹوں میں سے ہے۔(7)

وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ

اور ہٹادے گی | اس (عورت) سے | سزا | یہ کہ | وہ عورت گواہی دے | چار | شہادتیں

اور یہ بات عورت سے سزا کو ہٹادے گی کہ وہ چار مرتبہ اللہ تعالیٰ کی قسم کے ساتھ (4) شہادتیں دے

بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۸﴾ ۙ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ

اللہ تعالیٰ کی قسم کے ساتھ | یقیناً وہ (مرد) | بلاشبہ جھوٹوں میں سے ہے | اور پانچویں مرتبہ | یقیناً

کہ یقیناً وہ (مرد) بلاشبہ جھوٹوں میں سے ہے۔(8) اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ یقیناً

غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۹﴾

غضب ہو | اللہ تعالیٰ کا | اس پر | اگر | ہو وہ | سچے لوگوں میں سے

اس عورت پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہو اگر وہ مرد سچے لوگوں میں سے ہے۔(9)

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ

اور اگر نہ ہوتا | فضل | اللہ تعالیٰ کا | تم پر | اور رحمت اس کی | اور یقیناً | اللہ تعالیٰ

اور اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی (تو تم شدید مشقت میں پڑ جاتے) اور یہ کہ یقیناً اللہ تعالیٰ

تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ ع ۱/۷

بہت توبہ قبول کرنے والا | کمال حکمت والا ہے | بلاشبہ | جو لوگ | لائے ہیں | بہتان گھڑ کر

بہت توبہ قبول کرنے والا، کمال حکمت والا ہے۔(10) جو بہتان گھڑ لائے ہیں بلاشبہ وہ

عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ۭ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ۭ بَلْ هُوَ

ایک گروہ ہے | تم ہی میں سے | نہ تم سمجھو اُسے | برا | اپنے لیے | بلکہ | وہ

تم ہی میں سے ایک گروہ ہے، تم اسے اپنے لیے برا نہ سمجھو بلکہ وہ

خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ

بہتر ہے | تمہارے لیے | ہر آدمی کے لیے | اُن میں سے | جو | اُس نے کمایا

تمہارے لیے بہتر ہے، ان میں سے ہر آدمی کے لیے وہی ہے جو اس نے گناہ میں سے کمایا

مِنَ الۡاِثۡمِ ۚ وَالَّذِىۡ تَوَلّٰى كِبۡرَهٗ مِنۡهُمۡ لَهٗ

گناہ میں سے اور جو ذمہ دار بنا اُس کے بڑے حصّے کا اُن میں سے اس کے لیے

اور ان میں سے جو اس کے بڑے حصے کا ذمہ دار بنا اس کے لیے

عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ﴿۱۱﴾ لَوۡلَاۤ اِذۡ سَمِعۡتُمُوۡهُ ظَنَّ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ

عذاب ہے بہت بڑا کیوں نہیں جب سُنا تم نے اُس کو گمان کیا مومن مردوں نے

بہت بڑا عذاب ہے۔(11) جب تم نے اسے سُنا

وَالۡمُؤۡمِنٰتُ بِاَنۡفُسِهِمۡ خَيۡرًا ۙ وَّقَالُوۡا هٰذَاۤ

اور مومن عورتوں نے اپنے آپ سے اچھا اور (کیوں نہیں) اُنہوں نے کہا یہ ہے

تو مومن مرد اور مومن عورتوں نے اپنے آپ سے اچھا گمان کیوں نہ کیا اور کیوں نہیں کہا کہ یہ

اِفۡكٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۱۲﴾ لَوۡلَا جَآءُوۡ عَلَيۡهِ بِاَرۡبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ

بہتان کھلا کیوں نہیں لائے وہ اس پر چار گواہ

کھلا بہتان ہے؟(12) وہ اس پر چار گواہ کیوں نہیں لائے؟

فَاِذۡ لَمۡ يَاۡتُوۡا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنۡدَ اللّٰهِ هُمُ

تو جب نہیں وہ لائے گواہ پھر یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہی

تو جب وہ گواہ نہیں لائے تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہی

الۡكٰذِبُوۡنَ ﴿۱۳﴾ وَلَوۡلَا فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهٗ

جھوٹے ہیں اور اگر نہ (ہوتا) فضل اللہ تعالیٰ کا تم پر اور رحمت اس کی

جھوٹے ہیں۔(13) اور اگر تم پر دنیا اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی

فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمۡ فِىۡ مَاۤ اَفَضۡتُمۡ فِيۡهِ

دُنیا میں اور آخرت میں ضرور پہنچتا تمہیں جس میں مشغول ہوگئے تھے تم اس (بات) میں

تو یقیناً اس بات میں جس میں تم پڑ گئے تھے، تمہیں ضرور

عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١٤﴾ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ

عذاب | بہت بڑا | جب | تم ایک دوسرے سے لے رہے تھے اس کو | اپنی زبانوں کے ساتھ

بہت بڑا عذاب پہنچتا۔(14) جب تم اسے اپنی زبانوں کے ساتھ ایک دوسرے سے لے رہے تھے

وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ

اور تم کہہ رہے تھے | اپنے مونہوں سے | جس کا | نہیں | تمہیں | اس کا | کچھ علم

اور اپنے مونہوں سے وہ کہہ رہے تھے جس کا تمہیں کچھ بھی علم نہ تھا

وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيمٌ ﴿١٥﴾

اور تم سمجھ رہے تھے اسے | معمولی | حالانکہ وہ | اللہ تعالیٰ کے نزدیک | بہت بڑی (بات) تھی

اور تم اسے معمولی سمجھ رہے تھے حالانکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت بڑی بات تھی۔(15)

وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ

اور کیوں نہیں | جب | سنا تم نے اس کو | کہا تم نے | نہیں | ہے (یہ) | ہمارے لیے | کہ

اور ایسا کیوں نہ ہوا کہ جونہی تم نے اسے سنا تو کہہ دیا ہوتا کہ ہمارے لیے مناسب نہیں کہ

نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيمٌ ﴿١٦﴾

ہم کلام کریں | ساتھ اس کے | تو پاک ہے | یہ ہے | بہتان | بہت بڑا

ہم اس کے ساتھ کلام کریں، تو پاک ہے، یہ بہت بڑا بہتان ہے۔(16)

يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ

نصیحت کرتا ہے تمہیں | اللہ تعالیٰ | کہ | تم دوبارہ کرو | اس طرح کا کام | کبھی بھی | اگر | ہو تم

اللہ تعالیٰ تمہیں نصیحت کرتا ہے اس سے کہ تم دوبارہ کبھی اس طرح کا کام کرو، اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٧﴾ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ

مومن | اور صاف صاف بیان کرتا ہے | اللہ تعالیٰ | تمہارے لیے | آیات کو | اور اللہ تعالیٰ

مومن ہو۔(17) اور اللہ تعالیٰ تمہارے لیے آیات صاف صاف بیان کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ

عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ﴿۱۸﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ يُحِبُّوۡنَ اَنۡ

سب کچھ جاننے والا | کمال حکمت والا ہے | بلاشبہ | جو لوگ | پسند کرتے ہیں | یہ کہ

سب کچھ جاننے والا کمال حکمت والا ہے۔(18) بلاشبہ جو لوگ پسند کرتے ہیں کہ

تَشِيۡعَ الۡفَاحِشَةُ فِى الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ۙ

پھیلے | بے حیائی | اہلِ ایمان میں | اُن کے لیے | عذاب ہے | دردناک

اہلِ ایمان میں بے حیائی پھیلے بلاشبہ ان کے لیے

فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ وَاَنۡتُمۡ لَا

دُنیا میں | اور آخرت میں | اور اللہ تعالیٰ | وہ جانتا ہے | اور تم | نہیں

دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور تم نہیں

تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۹﴾ وَلَوۡلَا فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهٗ

جانتے | اور اگر نہ (ہوتا) | فضل | اللہ تعالیٰ کا | تم پر | اور رحمت اس کی

جانتے۔(19) اور اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی

وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۲۰﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا

اور بلاشبہ | اللہ تعالیٰ | بے حد مہربان | نہایت رحم والا ہے | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو

اور یہ کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ بے حد مہربان، نہایت رحم والا ہے۔(20) اے لوگو جو ایمان لائے ہو!

ع ۱۰/۲/۸ النصف

لَا تَتَّبِعُوۡا خُطُوٰتِ الشَّيۡطٰنِ ؕ وَمَنۡ يَّتَّبِعۡ خُطُوٰتِ

نہ تم پیروی کرو | قدموں کی | شیطان کے | اور جو شخص | وہ پیروی کرے گا | قدموں کی

تم شیطان کے نقشِ قدم کی پیروی نہ کرو اور جو شخص شیطان کے نقشِ قدم کی پیروی کرے گا

الشَّيۡطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاۡمُرُ بِالۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡكَرِ ؕ وَلَوۡلَا فَضۡلُ

شیطان کے | تو بلاشبہ وہ | وہ حکم دے گا | بے حیائی کا | اور بُرائی کا | اور اگر نہ (ہوتا) | فضل

تو بلاشبہ وہ اسے بے حیائی اور بُرائی کا حکم دے گا اور اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل

اللّٰہِ عَلَیۡکُمۡ وَرَحۡمَتُہٗ مَا زَکٰی مِنۡکُمۡ مِّنۡ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ

اللہ تعالیٰ کا | تم پر | اور رحمت اُس کی | نہ پاک ہو پاتا | تم میں سے | کوئی ایک | کبھی بھی

اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی بھی کبھی پاک نہ ہو پاتا لیکن

وَّلٰکِنَّ اللّٰہَ یُزَکِّیۡ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ سَمِیۡعٌ

اور لیکن | اللہ تعالیٰ | وہ پاک کرتا ہے | جس کو | وہ چاہتا ہے | اور اللہ تعالیٰ | سب کچھ سننے والا

اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے پاک کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا،

عَلِیۡمٌ ﴿۲۱﴾ وَلَا یَاۡتَلِ اُولُوا الۡفَضۡلِ مِنۡکُمۡ وَالسَّعَۃِ اَنۡ

سب کچھ جاننے والا ہے | اور نہ قسم کھائیں | فضل والے | تم میں سے | اور کشائش والے | یہ کہ (نہ)

سب کچھ جاننے والا ہے۔(21) اور تم میں سے جو لوگ فضل و کشائش والے ہیں وہ اس بات کی قسم نہ کھا بیٹھیں

یُّؤۡتُوۡۤا اُولِی الۡقُرۡبٰی وَالۡمَسٰکِیۡنَ وَالۡمُہٰجِرِیۡنَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ ۪ۖ

وہ دیں گے | رشتے داروں کو | اور مسکینوں کو | اور مہاجروں کو | اللہ تعالیٰ کی راہ میں

کہ وہ رشتہ داروں اور مسکینوں اور مہاجروں کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں کچھ نہ دیں گے

وَلۡیَعۡفُوۡا وَلۡیَصۡفَحُوۡا ؕ اَلَا تُحِبُّوۡنَ اَنۡ

اور لازم ہے کہ وہ معاف کر دیں | اور لازم ہے کہ وہ درگزر کریں | کیا نہیں | تم پسند کرتے | یہ کہ

اور لازم ہے کہ وہ معاف کر دیں اور لازم ہے کہ وہ درگزر کریں، کیا تم پسند نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ بھی

یَّغۡفِرَ اللّٰہُ لَکُمۡ ؕ وَاللّٰہُ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۲۲﴾

بخش دے | اللہ تعالیٰ | تمہیں | اور اللہ تعالیٰ | بے حد بخشنے والا | نہایت رحم والا ہے

تمہیں بخش دے؟ اور اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(22)

اِنَّ الَّذِیۡنَ یَرۡمُوۡنَ الۡمُحۡصَنٰتِ الۡغٰفِلٰتِ الۡمُؤۡمِنٰتِ

یقیناً | جو لوگ | تہمت لگاتے ہیں | پاک دامن | بے خبر | مومن عورتوں پر

جو لوگ پاک دامن، بے خبر مومن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں

لُعِنُوۡا فِی الدُّنۡیَا وَ الۡاٰخِرَۃِ ۪ وَ لَہُمۡ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ ﴿ۙ۲۳﴾

ان پر لعنت کی گئی دُنیا میں اور آخرت میں اور اُن کے لیے عذاب ہے بہت بڑا

یقیناً ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی گئی ہے اور ان کے لیے بہت بڑا عذاب ہے۔(23)

یَّوۡمَ تَشۡہَدُ عَلَیۡہِمۡ اَلۡسِنَتُہُمۡ وَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ اَرۡجُلُہُمۡ

اس دن گواہی دیں گی اُن کے خلاف اُن کی زبانیں اور اُن کے ہاتھ اور اُن کے پاؤں

اس دن جب ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں ان کے اپنے ہی خلاف گواہی دیں گے

بِمَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۴﴾ یَوۡمَئِذٍ یُّوَفِّیۡہِمُ اللّٰہُ دِیۡنَہُمُ

اس کی جو وہ تھے عمل کرتے اُس دن پورا دے گا اُن کو اللہ تعالیٰ بدلہ اُن کا

جو کام بھی وہ کیا کرتے تھے۔(24) اُس دن اللہ تعالیٰ انہیں پورا پورا حقیقی بدلہ دے گا

الۡحَقَّ وَ یَعۡلَمُوۡنَ اَنَّ اللّٰہَ ہُوَ الۡحَقُّ الۡمُبِیۡنُ ﴿۲۵﴾

حقیقی اور وہ جان لیں گے بلاشبہ اللہ تعالیٰ وہی حق ہے ظاہر کرنے والا ہے

اور وہ جان لیں گے کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی حق ہے، جو ظاہر کرنے والا ہے۔(25)

اَلۡخَبِیۡثٰتُ لِلۡخَبِیۡثِیۡنَ وَ الۡخَبِیۡثُوۡنَ لِلۡخَبِیۡثٰتِ ۚ وَ الطَّیِّبٰتُ

خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لیے اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لیے اور پاکیزہ عورتیں

خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لیے ہیں اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لیے ہیں اور پاکیزہ

لِلطَّیِّبِیۡنَ وَ الطَّیِّبُوۡنَ لِلطَّیِّبٰتِ ۚ اُولٰٓئِکَ مُبَرَّءُوۡنَ

پاکیزہ مردوں کے لیے اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کے لیے یہی لوگ بری کیے ہوئے ہیں

عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے ہیں اور پاکیزہ مردہ پاکیزہ عورتوں کے لیے ہیں یہ لوگ اُن باتوں سے بری کیے ہوئے

مِمَّا یَقُوۡلُوۡنَ ؕ لَہُمۡ مَّغۡفِرَۃٌ وَّ رِزۡقٌ کَرِیۡمٌ ﴿۲۶﴾ ع

ع ۳ ۹

ان باتوں سے وہ کہتے ہیں ان کے لیے مغفرت ہے اور رزق ہے باعزت

ہیں جو لوگ کہتے ہیں، ان کے لیے مغفرت اور باعزت رزق ہے۔(26)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ

اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | نہ تم داخل ہوا کرو | گھروں میں | سوائے

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے گھروں کے سوا

بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ؕ

اپنے گھروں کے | یہاں تک کہ | تم انس معلوم کرو | اور تم سلام بھیج دو | اس کے رہنے والوں پر

دوسرے گھروں میں داخل نہ ہوا کرو یہاں تک کہ تم انس معلوم کرلو اور اس کے رہنے والوں پر سلام بھیج دو،

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِنْ

یہ | بہتر ہے | تمہارے لیے | تاکہ تم | تم نصیحت حاصل کرو | پھر اگر

تمہارے لیے یہی بہتر ہے تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔(27) پھر اگر

لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى

نہ تم پاؤ | ان میں | کسی ایک کو | تو نہ | تم داخل ہو ان میں | حتیٰ کہ

تم کسی کو ان میں نہ پاؤ تو ان میں داخل نہ ہو حتیٰ کہ

يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا

اجازت دی جائے | تمہیں | اور اگر | کہا جائے | تم سے | لوٹ جاؤ

تمہیں اجازت دے دی جائے اور اگر تم سے کہا جائے کہ لوٹ جاؤ

فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

تو تم لوٹ جاؤ | وہ | زیادہ پاکیزہ ہے | تمہارے لیے | اور اللہ تعالیٰ | اس کو جو | تم عمل کرتے ہو

تو تم لوٹ جاؤ، وہ تمہارے لیے زیادہ پاکیزہ ہے اور اللہ تعالیٰ

عَلِيْمٌ ﴿۲۸﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا

خوب جاننے والا | نہیں ہے | تم پر | کوئی گناہ | یہ کہ | تم داخل ہو جاؤ | گھروں میں

خوب جاننے والا ہے جو کچھ بھی تم کرتے ہو۔(28) تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم ایسے گھروں میں داخل ہو جاؤ

غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ۗ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

نہیں | رہائش رکھی گئی | جن میں | کوئی فائدہ کی چیز ہو | تمہارے لئے | اوراللہ تعالیٰ | جانتا ہے

جن میں رہائش نہیں رکھی گئی جن میں تمہارے فائدے کی کوئی چیز ہواور اللہ تعالیٰ جانتا ہے

مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

جو کچھ | تم ظاہر کرتے ہو | اور جو کچھ | تم چھپاتے ہو | آپ کہہ دیں | مومن مردوں کے لیے

جو کچھ تم ظاہر کرتے ہواور جو کچھ تم چھپاتے ہو۔(29) آپ مومن مردوں سے کہہ دیں کہ

يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۗ ذٰلِكَ اَزْكٰى

وہ نیچی رکھیں | اپنی نگاہیں | اور وہ حفاظت کریں | اپنی شرم گاہوں کی | یہ | زیادہ پاکیزہ ہے

وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں، یہ

لَهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿۳۰﴾

ان کے لیے | یقیناً | اللہ تعالیٰ | پوری طرح باخبر ہے | اس سے جو | وہ کرتے ہیں

ان کے لیے زیادہ پاکیزہ ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ اُس سے پوری طرح باخبر ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔(30)

وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ

اور آپ کہہ دیں | مومن عورتوں سے | وہ نیچی رکھیں | اپنی نگاہیں | اور حفاظت کریں

اور آپ مومن عورتوں سے بھی کہہ دیں کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور

فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ

اپنی شرم گاہوں کی | اور نہ | وہ ظاہر کریں | اپنی زینت کو | مگر | جو | (از خود) ظاہر ہو

اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس میں سے ازخود ظاہر ہوجائے

مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِيْنَ

اس میں سے | اور چاہیے کہ ڈال رکھیں | اپنی اوڑھنیاں | اپنے گریبانوں پر | اور نہ | وہ ظاہر کریں

اور وہ اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر ڈالے رہیں

زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ

اپنی زینت کو | مگر | اپنے شوہروں کے لیے | یا اپنے باپ دادا کے لیے | یا باپ دادا کے لیے

اور اپنی زینت کسی کے سامنے ظاہر نہ کریں مگر اپنے شوہروں کے یا اپنے باپ دادا کے

بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ

اپنے شوہروں کے | یا اپنے بیٹوں کے لیے | یا بیٹوں کے لیے | اپنے شوہروں کے | یا اپنے بھائیوں کے لیے

یا اپنے شوہروں کے باپ دادا کے یا اپنے بیٹوں کے یا اپنے شوہروں کے بیٹوں کے

اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ

یا بیٹوں کے لیے | اپنے بھائیوں کے | یا بیٹوں کے لیے | اپنی بہنوں کے | یا | اپنی عورتوں کے لیے

یا اپنے بھائیوں کے یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں کے یا اپنی بہنوں کے بیٹوں کے یا اپنی عورتوں کے

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ

یا جن کے مالک ہوئے | ان کے دائیں ہاتھ | یا | تابع رہنے والے کے لیے | نہیں | شہوت والے

یا اپنے غلاموں کے یا تابع رہنے والے مردوں کے لیے جو شہوت والے نہ ہوں

مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ

مردوں میں سے | یا بچوں کے لیے | جو | نہیں | وہ واقف ہوئے | اُوپر | پوشیدہ باتوں کے

یا ان بچوں کے لیے جو عورتوں کی پوشیدہ باتوں سے واقف نہ ہوں

النِّسَآءِ ۪ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ

عورتوں کی | اور نہ وہ (زور سے) ماریں | اپنے پاؤں (زمین پر) | کہ معلوم ہوجائے | جسے | وہ چھپاتی ہیں

اور وہ اپنے پاؤں (زور سے زمین پر) نہ ماریں کہ

مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ

ان کی زینت سے | اور تم توبہ کرو | طرف | اللہ تعالیٰ کے | سب مل کر | اے

ان کی وہ زینت جسے وہ چھپاتی ہیں معلوم ہو اور اے مؤمنو! تم سب مل کر اللہ تعالیٰ کی طرف توبہ کرو

الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى

مومنو! | تاکہ تم | کامیاب ہو جاؤ | اور تم نکاح کر دو | جو (مرد عورتیں) بغیر نکاح کے ہیں

تاکہ تم فلاح پاؤ۔(31) اور تم میں سے جو مرد اور عورتیں بغیر نکاح کے ہیں

مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ

تم میں سے | اور نیک | تمہارے غلاموں میں سے | اور تمہاری لونڈیوں میں سے | اگر

اُن کے نکاح کر دو اور تمہارے غلاموں اور تمہاری لونڈیوں میں سے جو نیک ہیں ان کے بھی، اگر

يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ

ہوں وہ | غریب | غنی کر دے گا اُنہیں | اللہ تعالیٰ | اپنے فضل سے | اور اللہ تعالیٰ

وہ غریب ہیں تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے انہیں غنی کر دے گا اور اللہ تعالیٰ

وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ

بڑی وسعت والا | سب کچھ جاننے والا ہے | اور وہ لازماً پاک دامنی اختیار کریں | وہ لوگ جو

بڑی وسعت والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔(32) اور جو نکاح کی طاقت نہ پائیں وہ لازماً پاک دامنی اختیار کریں

لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ

نہ پائیں | نکاح (کی طاقت) | یہاں تک کہ | غنی کر دے اُنہیں | اللہ تعالیٰ | اپنے فضل سے

یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے انہیں غنی کر دے اور

وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

اور جو لوگ | چاہتے ہیں | مکاتبت | ان میں سے جن کے | مالک ہوئے | تمہارے دائیں ہاتھ

تمہارے غلاموں میں سے جو مکاتبت (آزادی کی تحریر) چاہتے ہیں،

فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ وَّاٰتُوْهُمْ

تو مکاتبت کر لو اُن سے | اگر | تم جانتے ہو | اُن میں | کوئی بھلائی | اور دو اُن کو

اگر تم ان میں کوئی بھلائی جانتے ہو تو اُن سے مکاتبت کر لو اور اُن کو

مِّنْ مَّالِ	اللّٰهِ	الَّذِيْٓ	اٰتٰىكُمْ ؕ	وَلَا	تُكْرِهُوْا
مال میں سے	اللہ تعالیٰ کے	وہ جو	(اللہ تعالیٰ نے) دیا ہے تمہیں	اور نہ	تم مجبور کرو

اس مال میں سے دو جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں دیا ہے اور

فَتَيٰتِكُمْ	عَلَى الْبِغَآءِ	اِنْ	اَرَدْنَ	تَحَصُّنًا	لِّتَبْتَغُوْا
اپنی لونڈیوں کو	بدکاری پر	اگر	وہ چاہتی ہوں	پاکدامن رہنا	تاکہ تم حاصل کرلو

اپنی لونڈیوں کو اگر وہ پاک دامن رہنا چاہتی ہوں تو بدکاری پر مجبور نہ کرو کہ تم

عَرَضَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ	وَمَنْ	يُّكْرِهْهُّنَّ	فَاِنَّ	اللّٰهَ
کچھ فائدہ	دُنیا کی زندگی کا	اور جو شخص	مجبور کرے گا اُن کو	تو یقیناً	اللہ تعالیٰ

دنیا کی زندگی کا کچھ فائدہ حاصل کرو اور جو شخص ان کو مجبور کرے گا تو

مِنْۢ بَعْدِ	اِكْرَاهِهِنَّ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ ﴿۳۳﴾	وَلَقَدْ
بعد	ان کی مجبوری کے	بے حد بخشنے والا	نہایت رحم والا ہے	اور بلاشبہ یقیناً

اُن کی مجبوری کے بعد یقیناً اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(33) اور بلاشبہ یقیناً

اَنْزَلْنَآ	اِلَيْكُمْ	اٰيٰتٍ	مُّبَيِّنٰتٍ	وَّمَثَلًا	مِّنَ الَّذِيْنَ
نازل کیں ہم نے	تمہاری طرف	آیات	واضح	اور مثالیں	اُن لوگوں کی جو

ہم نے تمہاری طرف واضح آیات اور ان لوگوں کی مثالیں

خَلَوْا	مِنْ قَبْلِكُمْ	وَمَوْعِظَةً	لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۴﴾ ع	اَللّٰهُ	نُوْرُ
گزر چکے	تم سے پہلے	اور ایک نصیحت	متقیوں کے لیے	اللہ تعالیٰ	نور ہے

ع ۴ ۸ ۱۰

جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں اور متقیوں کے لیے ایک نصیحت بھی نازل کی ہے۔(34) اللہ تعالیٰ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ ؕ	مَثَلُ	نُوْرِهٖ	كَمِشْكٰوةٍ	فِيْهَا
آسمانوں کا	اور زمین کا	مثال	اُس کے نور کی	ایک طاق کی طرح ہے	اس میں

آسمانوں اور زمین کا نور ہے، اس کے نور کی مثال ایک طاق کی سی ہے

مِصۡبَاحٌ ؕ اَلۡمِصۡبَاحُ فِیۡ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوۡكَبٌ

چراغ ہو | چراغ | ایک فانوس میں ہو | فانوس (ایسا ہے) | گویا کہ وہ | ایک تارا ہے

جس میں ایک چراغ ہے، چراغ ایک فانوس میں ہے، وہ فانوس ایسا ہے جیسے موتی کی طرح چمکتا ہوا تارا،

دُرِّیٌّ یُّوۡقَدُ مِنۡ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَیۡتُوۡنَةٍ

(موتی کی طرح) چمکتا ہوا | وہ روشن کیا جاتا ہے | درخت سے | مبارک | زیتون کے

وہ چراغ زیتون کے ایک مبارک درخت کے تیل سے روشن کیا جاتا ہے

لَّا شَرۡقِیَّةٍ وَّلَا غَرۡبِیَّةٍ ۙ یَّكَادُ زَیۡتُهَا یُضِیۡٓءُ وَلَوۡ

نہ شرقی ہے | اور نہ غربی | قریب ہے | تیل اُس کا | وہ خود روشن ہو جائے | اور اگرچہ

جو نہ شرقی ہے نہ غربی، قریب ہے کہ اس کا تیل خود ہی روشن ہو جائے اگرچہ

لَمۡ تَمۡسَسۡهُ نَارٌ ؕ نُوۡرٌ عَلٰی نُوۡرٍ ؕ یَهۡدِی اللّٰهُ لِنُوۡرِهٖ

نہ چھوئے اس کو | آگ | نور ہے | نور پر | ہدایت دیتا ہے | اللہ تعالیٰ | اپنے نور کی طرف

اسے آگ نے چھوا بھی نہ ہو۔ نور پر نور ہے، اللہ تعالیٰ اپنے نور کی طرف

مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَیَضۡرِبُ اللّٰهُ الۡاَمۡثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ

جس کو | وہ چاہتا ہے | اور بیان کرتا ہے | اللہ تعالیٰ | مثالیں | لوگوں کے لیے | اور اللہ تعالیٰ

جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ لوگوں کے لیے مثالیں بیان کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ

بِكُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ۙ﴿۳۵﴾ فِیۡ بُیُوۡتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنۡ تُرۡفَعَ

ہر چیز کا | خوب جاننے والا ہے | گھروں میں | حکم دیا ہے | اللہ تعالیٰ نے | یہ کہ | بلند کیے جائیں

ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے۔ (35) (اس کی روشنی پانے والے) اُن گھروں میں (ہوتے ہیں)

وَیُذۡكَرَ فِیۡهَا اسۡمُهٗ ۙ یُسَبِّحُ لَهٗ فِیۡهَا

اور ذکر کیا جائے | ان میں | اس کے نام کو | وہ تسبیح بیان کرتے ہیں | اس کی | ان میں

جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ وہ بلند کیے جائیں اور جن میں اس کے نام کو یاد کیا جائے،

بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿٣٦﴾ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ

صبح کو | اور شام کو | وہ مرد | نہیں | غافل کرتی جنہیں | تجارت

وہ اس میں صبح وشام اس کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔(36) وہ لوگ جنہیں تجارت

وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ

اور نہ | خرید وفروخت | اللہ تعالیٰ کی یاد سے | اور نماز قائم کرنے سے | اور زکوٰۃ ادا کرنے سے

اور خرید وفروخت اللہ تعالیٰ کی یاد سے اور نماز قائم کرنے سے اور زکوٰۃ ادا کرنے سے غافل نہیں کرتی

يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿٣٧﴾ ۙ

وہ ڈرتے رہتے ہیں | اُس دن سے | اُلٹ جائیں گے | اس میں | دل | اور آنکھیں

وہ اس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس میں دل اور آنکھیں اُلٹ جائیں گی۔(37)

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ

تاکہ جزادے اُنہیں | اللہ تعالیٰ | بہترین | جو | اُنہوں نے عمل کیے | اور وہ زیادہ دے اُن کو

تاکہ اللہ تعالیٰ انہیں اُن کے اعمال کی بہترین جزادے اور اپنے فضل سے اُن کو زیادہ دے

مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٨﴾

اپنے فضل سے | اور اللہ تعالیٰ | رزق دیتا ہے | جس کو | وہ چاہتا ہے | بے حساب

اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔(38)

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ

اور جن لوگوں نے | کفر کیا | اعمال اُن کے | سراب جیسے ہیں | ایک صحرا میں | خیال کرتا ہے جس کو

اور جن لوگوں نے کُفر کیا ہے اُن کے اعمال صحرا میں سراب جیسے ہیں،

الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا

پیاسا | پانی | یہاں تک کہ | جب | وہ وہاں آیا اس کے پاس | نہیں پایا اس کو | کچھ بھی

جس کو پیاسا پانی خیال کرتا ہے حتیٰ کہ جب وہاں آیا تو اس نے اس کو کچھ بھی نہ پایا

وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنۡدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ

اور موجود پایا | اللہ تعالیٰ کو | اپنے پاس | تو اس (اللہ تعالیٰ) نے پورا چکا دیا اسے | حساب اس کا | اور اللہ تعالیٰ

اور اپنے پاس اللہ تعالیٰ کو موجود پایا پھر اللہ تعالیٰ نے اسے اس کا پورا حساب چکا دیا اور اللہ تعالیٰ

سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ ۙ﴿۳۹﴾ اَوۡ كَظُلُمٰتٍ فِىۡ بَحۡرٍ لُّـجِّىٍّ يَّغۡشٰهُ

بہت جلد لینے والا ہے | حساب | یا | جیسے تاریکیاں ہیں | سمندر میں | گہرے | ڈھانپتی ہے اُس کو

بہت جلد حساب لینے والا ہے۔(39) یا جیسے انتہائی گہرے سمندر میں تاریکیاں ہوں جسے ایک موج ڈھانپتی ہے

مَوۡجٌ مِّنۡ فَوۡقِهٖ مَوۡجٌ مِّنۡ فَوۡقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌ ۢ

موج | اس کے اُوپر | ایک موج | اس کے اُوپر | ایک بادل ہے | کئی اندھیرے ہیں

اس کے اوپر ایک اور موج ہے اس کے اوپر ایک بادل ہے، اوپر تلے کئی اندھرے ہیں،

بَعۡضُهَا فَوۡقَ بَعۡضٍ ؕ اِذَاۤ اَخۡرَجَ يَدَهٗ لَمۡ يَكَدۡ يَرٰٮهَا ؕ

اوپر تلے | جب | وہ نکالے | اپنا ہاتھ | نہیں قریب | دیکھ پائے اسے

جب آدمی اپنا ہاتھ نکالے تو اسے قریب سے نہ دیکھ پائے

وَمَنۡ لَّمۡ يَجۡعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوۡرًا فَمَا لَهٗ مِنۡ نُّوۡرٍ ﴿۴۰﴾ ع

اور جس کو | نہ دے | اللہ تعالیٰ | اُس کے لیے | نور | پھر نہیں | اُس کے لیے | کوئی نور

اور جس کو اللہ تعالیٰ ہی نور نہ دے اس کے لیے کوئی نور نہیں۔(40)

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنۡ

کیا نہیں | آپ نے دیکھا | یقیناً | اللہ تعالیٰ | تسبیح بیان کرتا ہے | اُس کے لیے | جو

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتا ہے جو

فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَالطَّيۡرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدۡ عَلِمَ

آسمانوں میں ہے | اور زمین (میں) | اور پرندے | پر پھیلائے ہوئے | ہر ایک | یقیناً جان لیا ہے

آسمانوں اور زمین میں ہے اور پرندے بھی جو پَر پھیلائے ہوئے ہیں؟ ہر ایک نے یقیناً

صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۱﴾

اپنی نماز | اور اپنی تسبیح | اور اللہ تعالیٰ | خوب جاننے والا ہے | جو کچھ | وہ کرتے ہیں

اپنی نماز اور اپنی تسبیح کو جان لیا ہے اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے جو کچھ بھی وہ کرتے ہیں۔(41)

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ

اور اللہ تعالیٰ کے لیے ہے | بادشاہت | سب آسمانوں کی | اور زمین کی | اور اللہ تعالیٰ کی طرف

اور آسمانوں اور زمین میں اللہ تعالیٰ ہی کی بادشاہت ہے اور اُسی کی طرف

الْمَصِيْرُ ﴿۴۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ

سب کو لوٹ کر جانا ہے | کیا نہیں | آپ نے دیکھا | یقیناً | اللہ تعالیٰ | چلاتا ہے

سب کو لوٹ کر جانا ہے۔(42) کیا آپ نے دیکھا نہیں کہ یقیناً اللہ تعالیٰ

سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا

بادل کو | پھر | وہ ملاتا ہے | اس کو آپس میں | پھر | وہ بناتا ہے اسے | تہہ در تہہ

بادل کو چلاتا ہے پھر آپس میں ملاتا ہے پھر اُسے تہ در تہ بناتا ہے

فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ

پھر آپ دیکھتے ہیں | دھیمی اور لگاتار بارش | نکلتی ہے | اُس کے درمیان سے | اور وہ نازل کرتا ہے

پھر آپ بارش کو دیکھتے ہیں اُس کے درمیان سے نکلتی ہے اور وہ آسمان کے

مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ

آسمان سے | پہاڑوں سے | جو اس (آسمان) میں ہیں | اولے | پھر وہ پہنچا دیتا ہے

ان پہاڑوں سے اُولے نازل کرتا ہے، جو اس میں ہیں پھر جس پر چاہتا ہے اُن کو پہنچاتا ہے اور جس سے

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ

اس کو | جسے | وہ چاہتا ہے | اور وہ پھیر دیتا ہے اُس کو | جس سے | وہ چاہتا ہے | قریب ہے کہ

چاہتا ہے پھیر دیتا ہے، قریب ہے کہ

سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ﴿۴۳﴾ يُقَلِّبُ اللّٰهُ

چمک | اس کی بجلی کی | وہ لے جائے | نگاہوں کو | پلٹتا ہے | اللہ تعالیٰ

اس کی بجلی کی چمک نگاہوں کو لے جائے۔(43) اور اللہ تعالیٰ ہی رات

الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۴۴﴾

رات کو | اور دن کو | بلاشبہ | اس میں | یقیناً عبرت ہے | اہلِ بصیرت کے لیے

اور دن کو پلٹتا ہے، بلاشبہ آنکھوں والوں کے لئے اس میں یقیناً عبرت ہے۔(44)

وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ

اور اللہ تعالیٰ | پیدا کیا اس نے | ہر | جانور کو | پانی سے | پھر اُن میں سے | جو

اور اللہ تعالیٰ نے ہر جانور کو پانی سے پیدا کیا ہے پھر ان میں سے کوئی

يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ

وہ چلتا ہے | اپنے پیٹ کے بل | اور اُن میں سے | جو | وہ چلتا ہے | دو پاؤں پر

پیٹ کے بل چلتا ہے اور ان میں سے کوئی دو پاؤں پر چلتا ہے

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ اللّٰهُ

اور اُن میں سے | جو | وہ چلتا ہے | چار پاؤں پر | پیدا کرتا ہے | اللہ تعالیٰ

اور ان میں سے کوئی چار پاؤں پر چلتا ہے، اللہ تعالیٰ

مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۵﴾

جو وہ چاہتا ہے | یقیناً | اللہ تعالیٰ | اُوپر | ہر | چیز کے | پوری قدرت رکھنے والا ہے

جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔(45)

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ

بلاشبہ یقیناً | نازل کیں ہم نے | آیات | واضح | اور اللہ تعالیٰ | ہدایت دیتا ہے

بلاشبہ یقیناً ہم نے واضح آیات نازل کردی ہیں اور اللہ تعالیٰ

مَنۡ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿۴۶﴾ وَيَقُوۡلُوۡنَ اٰمَنَّا

جسے | وہ چاہتا ہے | طرف | سیدھی راہ کی | اور وہ کہتے ہیں | ایمان لائے ہم

جسے چاہتا ہے سیدھی راہ کی طرف ہدایت دیتا ہے۔(46) اور وہ کہتے ہیں کہ

بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوۡلِ وَاَطَعۡنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى

اللہ تعالیٰ پر | اور رسول پر | اور اطاعت کی ہم نے | پھر | پھر جاتا ہے

ہم اللہ تعالیٰ اور رسول پر ایمان لائے اور ہم نے اطاعت کی پھر اس کے بعد

فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَاۤ اُولٰٓئِكَ

ایک گروہ | اُن میں سے | بعد | اس کے | اور نہیں | یہ لوگ

ان میں سے ایک گروہ پھر جاتا ہے اور یہ لوگ ہرگز

بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۴۷﴾ وَاِذَا دُعُوۡۤا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ

ہرگز ایمان لانے والے | اور جب | انہیں بلایا جاتا ہے | اللہ تعالیٰ کی طرف | اور اس کے رسول کی

ایمان لانے والے نہیں ہیں۔(47) اور جب انہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے

لِيَحۡكُمَ بَيۡنَهُمۡ اِذَا فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمۡ مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿۴۸﴾

تاکہ وہ فیصلہ کرے | درمیان اُن کے | اچانک | ایک گروہ | اُن میں سے | منہ موڑنے والا ہوتا ہے

تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے تو اچانک ان میں سے ایک گروہ منہ موڑنے والا ہوتا ہے۔(48)

وَاِنۡ يَّكُنۡ لَّهُمُ الۡحَقُّ يَاۡتُوۡۤا اِلَيۡهِ مُذۡعِنِيۡنَ ﴿۴۹﴾ ؕ

اور اگر | ہو | اُن ہی کا | حق | وہ آجاتے ہیں | اُس کی طرف | فرماں بردار بن کر

اور اگر حق ان ہی کا ہو تو رسول کی طرف فرماں بردار بن کر آجاتے ہیں۔(49)

اَفِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ اَمِ ارۡتَابُوۡۤا اَمۡ يَخَافُوۡنَ

کیا اُن کے دلوں میں | بیماری ہے | یا | وہ شک میں پڑے ہوئے ہیں | یا | وہ ڈرتے ہیں

کیا ان کے دلوں میں بیماری ہے؟ یا وہ شک میں پڑے ہوئے ہیں؟ یا وہ ڈرتے ہیں کہ

اَنۡ يَّحِيۡفَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ وَرَسُوۡلُهٗ ؕ بَلۡ اُولٰٓئِكَ

یہ کہ | ظلم کرے گا | اللہ تعالیٰ | اُن پر | اور اس کا رسول | بلکہ | یہ لوگ

اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ان پر ظلم کرے گا؟ بلکہ

ع ۱۰ ۶ ۱۲ الثلثة

هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّمَا كَانَ قَوۡلَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ اِذَا

وہی | ظالم ہیں | درحقیقت | ہوتی ہے | بات | مومنوں کی | جب

یہی لوگ ظالم ہیں۔(50) درحقیقت مؤمنوں کی بات ہی یہ ہوتی ہے

دُعُوۡۤا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ لِيَحۡكُمَ بَيۡنَهُمۡ

انہیں بلایا جاتا ہے | اللہ تعالیٰ کی طرف | اور اس کے رسول کی | تا کہ فیصلہ کر دے | درمیان اُن کے

جب اُنہیں اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے کہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کر دے،

اَنۡ يَّقُوۡلُوۡا سَمِعۡنَا وَاَطَعۡنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

یہ کہ | وہ کہتے ہیں | ہم نے سنا | اور ہم نے فرمانبرداری کی | اور یہ لوگ | یہی

وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سُنا اور ہم نے فرماں برداری کی اور یہی لوگ

الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۵۱﴾ وَمَنۡ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ وَيَخۡشَ

فلاح پانے والے ہیں | اور جو | فرمانبرداری کرے | اللہ تعالیٰ کی | اور اس کے رسول کی | اور ڈرے

فلاح پانے والے ہیں۔(51) اور جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرے

اللّٰهَ وَيَتَّقۡهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡفَآئِزُوۡنَ ﴿۵۲﴾

اللہ تعالیٰ سے | اور اس کی نافرمانی سے بچے | تو یہ لوگ | یہی | کامیاب ہونے والے ہیں

اور اس کی نافرمانی سے بچے تو یہی لوگ کامیاب ہیں۔(52)

وَاَقۡسَمُوۡا بِاللّٰهِ جَهۡدَ اَيۡمَانِهِمۡ لَئِنۡ اَمَرۡتَهُمۡ

اور انہوں نے قسمیں کھائیں | اللہ تعالیٰ کی | پختہ | اپنی قسمیں | یقیناً اگر | آپ حکم دیں اُنہیں

اور انہوں نے اللہ تعالیٰ کی قسمیں کھائیں، اپنی پختہ قسمیں کہ یقیناً اگر آپ انہیں حکم دیں

لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ

تو وہ ضرور نکلیں گے آپ کہہ دیں نہ تم قسمیں کھاؤ اطاعت ہے معلوم بلاشبہ

تو وہ ضرور نکلیں گے، آپ کہہ دیں قسمیں نہ کھاؤ، معلوم اطاعت (ہی کافی) ہے، بلاشبہ اللہ تعالیٰ

اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾ قُلْ اَطِيْعُوا

اللہ تعالیٰ پوری خبر رکھنے والا ہے اس سے جو تم عمل کرتے ہو آپ کہہ دیں تم اطاعت کرو

اس کی پوری خبر رکھنے والا ہے جو تم عمل کرتے ہو۔ (53) آپ کہہ دیں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو

اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا

اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول کی پھر اگر تم منہ موڑو گے تو بلاشبہ

اور رسول کی اطاعت کرو پھر بھی اگر تم منہ موڑو گے تو

عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ

اُس پر ہے جو اس پر بوجھ ڈالا گیا اور تم پر ہے جو تم پر بوجھ ڈالا گیا اور اگر

رسول کی صرف وہ ذمہ داری ہے جو اس پر بوجھ ڈالا گیا ہے اور تم پر وہ ذمہ داری ہے جو تم پر بوجھ ڈالا گیا ہے۔ اور اگر

تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا

تم اطاعت کرو گے اس کی تم ہدایت پاؤ گے اور نہیں اُوپر رسول کے سوائے

تم اس کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پاؤ گے اور رسول کے ذِمے

الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

پہنچا دینا صاف وعدہ کیا اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں سے جو ایمان لائے

صاف پہنچا دینے کے سوا کچھ نہیں۔ (54) اللہ تعالیٰ نے ان کے ساتھ وعدہ کیا ہے جو تم میں سے ایمان لائے

مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ

تم میں سے اور عمل کیے نیک وہ ضرور بہ ضرور جانشین بنائے گا اُن کو زمین میں

اور نیک عمل کیے کہ وہ ان کو زمین میں ضرور بہ ضرور جانشین بنائے گا

كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۠ وَلَيُمَكِّنَنَّ

جیسا کہ | اس نے جانشین بنایا | ان لوگوں کو جو | اُن سے پہلے تھے | اور وہ ضرور اقتدار دے گا

جیسا کہ اس نے ان سے پہلے لوگوں کو جانشین بنایا تھا اور ان کے لیے

لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ

اُن کے لیے | اُن کے دین کو | جسے | اُس نے پسند کیا ہے | اُن کے لیے | اور وہ ضرور بہ ضرور بدل کردے گا اُن کو

ان کے دین کو ضرور اقتدار دے گا جسے اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے پسند کیا ہے اور وہ ضرور بہ ضرور

ضرور

مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ

بعد | اُن کے خوف کے | امن | وہ عبادت کریں گے میری | نہ وہ شریک کریں گے

ان کے خوف کے بعد بدل کر امن دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے

بِيْ شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ

میرے ساتھ | کسی کو | اور جس نے | کفر کیا | بعد اس کے | تو یہ لوگ

اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں گے اور جس نے اس کے بعد کفر کیا تو وہی لوگ

هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

وہی | نافرمان ہیں | اور قائم کرو | نماز | اور ادا کرو | زکوٰۃ

نافرمان ہیں۔(55) اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو

وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَا تَحْسَبَنَّ

اور اطاعت کرو | رسول کی | تاکہ تم | تم پر رحم کیا جائے | ہرگز نہ آپ گمان کریں

اور رسول کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔(56) جن لوگوں نے کفر کیا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰىهُمُ

جن لوگوں نے | کفر کیا | عاجز کرنے والے ہیں | زمین میں | اور ٹھکانہ اُن کا

آپ ان کے بارے میں ہرگز یہ گمان نہ کریں کہ وہ زمین میں عاجز کردینے والے ہیں اور اُن کا ٹھکانہ

النَّارُ ۖ وَلَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٥٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

آگ ہے | اور یقیناً بہت ہی بری ہے | لوٹ کر جانے کی جگہ | اے لوگو! | جو

آگ ہے اور یقیناً وہ بہت ہی بری لوٹ کر جانے کی جگہ ہے۔(57) اے لوگو جو

اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

ایمان لائے ہو | لازماً وہ اجازت طلب کریں تم سے | وہ جن کے | مالک ہوئے | تمہارے دائیں ہاتھ

ایمان لائے ہو! تم سے وہ لازماً اجازت طلب کریں جن کے مالک تمہارے دائیں ہاتھ ہوئے

وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ۖ

اور وہ لوگ جو | نہیں | وہ پہنچے | بلوغت کی حد تک | تم میں سے | تین | بار

اور وہ بھی جو تم میں سے ابھی بلوغت کی حد تک نہیں پہنچے (اجازت طلب کریں) تین بار،

مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ

پہلے | نماز سے | فجر کی | اور جب | تم اتار کر رکھ دیتے ہو | کپڑے اپنے

فجر کی نماز سے پہلے اور دوپہر کو جب تم اپنے کپڑے اُتار کر رکھ دیتے ہو

مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ۖ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ

دوپہر کو | اور بعد | نماز کے | عشاء کی | تین | پردے کے (اوقات) ہیں

اور عشاء کی نماز کے بعد۔ یہ تین تمہارے پردے کے اوقات ہیں،

لَّكُمْ ۖ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ۖ

تمہارے لیے | نہیں | تم پر | اور نہ اُن پر | کوئی گناہ | بعد اِن کے

ان کے بعد نہ تم پر کوئی گناہ ہے اور نہ ہی اُن پر،

طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۖ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

کثرت سے چکر لگانے والے ہیں | تم پر | بعض تمہارے | بعض پر | اسی طرح | وضاحت کرتا ہے

تم ایک دوسرے پر کثرت سے چکر لگانے والے ہو۔ اسی طرح

اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۸﴾

اللہ تعالیٰ　تمہارے لیے　آیات کی　اور اللہ تعالیٰ　سب کچھ جاننے والا　کمال حکمت والا ہے

اللہ تعالیٰ تمہارے لیے آیات کی وضاحت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا، کمال حکمت والا ہے۔(58)

وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا

اور جب　پہنچ جائیں　بچے　تمہارے　بلوغت کو　تو وہ لازماً اجازت طلب کریں

اور جب تمہارے بچے بلوغت کو پہنچ جائیں تو وہ لازماً اجازت طلب کریں

كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

جیسے　اجازت طلب کرتے تھے　وہ لوگ جو　اُن سے پہلے تھے　اسی طرح　کھول کر بیان کرتا ہے

جیسے ان سے پہلے کے لوگ اجازت طلب کرتے تھے اس طرح

اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۹﴾

اللہ تعالیٰ　تمہارے لیے　اپنی آیات　اور اللہ تعالیٰ　خوب جاننے والا　کمال حکمت والا ہے

اللہ تعالیٰ اپنی آیات تمہارے لیے کھول کر بیان کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا، کمال حکمت والا ہے۔(59)

وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا

اور بیٹھ رہنے والی　عورتوں میں سے　جو　نہیں　اُمید رکھتیں　نکاح کی

اور بیٹھ رہنے والی عورتیں جو نکاح کی اُمید نہیں رکھتیں،

فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ

سو نہیں　اُن پر　کوئی گناہ　یہ کہ　اتار کر وہ رکھ دیں　کپڑے اپنے　نہ

سو ان پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے کپڑے اتار کر رکھ دیں

مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ

ظاہر کرنے والی ہوں　زینت کو　اور یہ کہ　وہ عورتیں بچیں　بہتر ہے　اُن کے لیے

جب کہ وہ زینت ظاہر کرنے والی نہ ہوں اور یہ کہ وہ اس سے بھی بچیں تو ان کے لیے بہتر ہی ہے اور اللہ تعالیٰ

وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ ۝٦٠	لَيْسَ	عَلَى	الْاَعْمٰى
اور اللہ تعالیٰ	سب کچھ سننے والا	سب کچھ جاننے والا ہے	نہیں	اُوپر	اندھے کے

سب کچھ سننے والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔(60) اندھے پر کوئی تنگی نہیں اور

حَرَجٌ	وَّلَا	عَلَى	الْاَعْرَجِ	حَرَجٌ	وَّلَا	عَلَى	الْمَرِيْضِ
کوئی تنگی	اور نہ	اُوپر	لنگڑے کے	کوئی تنگی	اور نہ	اُوپر	بیمار کے

لنگڑے پر کوئی تنگی نہیں اور بیمار پر کوئی تنگی نہیں

حَرَجٌ	وَّلَا	عَلٰٓى	اَنْفُسِكُمْ	اَنْ	تَاْكُلُوْا	مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ
کوئی تنگی	اور نہ	اُوپر	تمہارے اپنے	یہ کہ	تم کھاؤ	اپنے گھروں سے

اور نہ ہی تمہارے اپنے اوپر ہے کہ تم اپنے گھروں سے کھاؤ

اَوْ بُيُوْتِ	اٰبَآئِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ	اُمَّهٰتِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ
یا گھروں سے	اپنے باپ دادا کے	یا گھروں سے	اپنی ماؤں کے	یا گھروں سے

یا اپنے باپ دادا کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا

اِخْوَانِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ	اَخَوٰتِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ	اَعْمَامِكُمْ
اپنے بھائیوں کے	یا گھروں سے	اپنی بہنوں کے	یا گھروں سے	اپنے چچاؤں کے

اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے

اَوْ بُيُوْتِ	عَمّٰتِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ	اَخْوَالِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ
یا گھروں سے	اپنی پھوپھیوں کے	یا گھروں سے	اپنے ماموؤں کے	یا گھروں سے

یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے

خٰلٰتِكُمْ	اَوْ مَا	مَلَكْتُمْ	مَّفَاتِحَهٗٓ	اَوْ صَدِيْقِكُمْ ۭ
اپنی خالاؤں کے	یا جس کے	مالک بنے تم	اُس کی چابیوں کے	یا اپنے دوستوں کے

یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا (اس گھر سے) جس کی چابیوں کے تم مالک بنے یا اپنے دوست کے

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ

نہیں | تم پر | کوئی گناہ | یہ کہ | تم کھاؤ | اکٹھے | یا الگ الگ

گھر سے کھاؤ۔ تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم لوگ مل کر کھاؤ یا الگ الگ۔

فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ

پھر جب | داخل ہوا کرو تم | گھروں میں | تو سلام کرو | اپنے لوگوں کو

پھر جب تم گھروں میں داخل ہوا کرو تو اپنے لوگوں کو سلام کرو،

تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ

تحفہ ہے | اللہ تعالیٰ کی طرف سے | بڑا بابرکت | پاکیزہ | اسی طرح

اللہ تعالیٰ کی طرف سے بڑا بابرکت اور پاکیزہ تحفہ ہے۔ اس طرح

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٦١﴾ ع ۸ ۲۴ ۱۴

کھول کر بیان کرتا ہے | اللہ تعالیٰ | تمہارے لیے | آیات | تاکہ تم | تم سمجھ جاؤ

اللہ تعالیٰ تمہارے لیے آیات کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم سمجھ جاؤ۔ (61)

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

درحقیقت | ایمان والے | وہ لوگ ہیں جو | ایمان لائے | اللہ تعالیٰ پر | اور اُس کے رسول پر

درحقیقت ایمان والے وہی ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لائے

وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ

اور جب | وہ ہوتے ہیں | ساتھ اس کے | اوپر | کسی کام کے | جمع کرنے والا

اور جب کسی اجتماعی کام کے موقع پر اس کے ساتھ ہوتے ہیں

لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

وہ نہیں جاتے | حتیٰ کہ | وہ اجازت لے لیں اس سے | یقیناً | جو لوگ

تو وہاں سے وہ نہیں جاتے حتیٰ کہ اُس سے اجازت طلب کر لیں یقیناً جو لوگ

يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

اجازت طلب کرتے ہیں آپ سے | یہی لوگ ہیں | وہ جو | ایمان لاتے ہیں | اللہ تعالیٰ پر

آپ سے اجازت طلب کرتے ہیں وہی اللہ تعالیٰ

وَرَسُوْلِهٖ ج فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ

اور اس کے رسول پر | چنانچہ جب | وہ اجازت مانگیں آپ سے | اپنے کسی کام کے لیے

اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہیں۔ چنانچہ جب وہ اپنے کسی کام کے لیے آپ سے اجازت مانگیں

فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ

پھر آپ اجازت دے دیں | جس کے لیے | آپ چاہیں | اُن میں سے | اور بخشش مانگیں اُن کے لیے

تو ان میں سے جسے آپ چاہیں اجازت دے دیں اور اُن کے لیے

اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۲﴾ لَا تَجْعَلُوْا

اللہ تعالیٰ سے | یقیناً | اللہ تعالیٰ | بے حد بخشنے والا | نہایت رحم والا ہے | نہ تم بناؤ

اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگیں، یقیناً اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(62) تم رسول کے بلانے کو

دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ط

بلانے کو | رسول کے | اپنے درمیان | جیسا کہ بلانا ہے | تم میں سے بعض کا | بعض کو

اس طرح کا بلانا نہ بناؤ جیسے تم میں سے ایک دوسرے کو بُلاتا ہے۔

قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ج

یقیناً جانتا ہے | اللہ تعالیٰ | اُن کو جو | کھسک جاتے ہیں | تم میں سے | آڑ لیتے ہوئے

یقیناً اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کو خوب جانتا ہے جو تم میں سے آڑ لیتے ہوئے کھسک جاتے ہیں۔

فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ

سو لازماً ڈریں | وہ لوگ جو | خلاف ورزی کرتے ہیں | اس (رسول) کے حکم کی | یہ کہ | پہنچے انہیں

سو جو لوگ رسول کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں وہ لازماً ڈریں کہ اُن کو

فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦٣﴾ اَلَآ اِنَّ

کوئی فتنہ | یا | پہنچے ان کو | عذاب | دردناک | سن لو | یقیناً

کوئی فتنہ پہنچے یا اُن کو دردناک عذاب پہنچے!(63) سن لو!

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قَدْ يَعْلَمُ

اللہ تعالیٰ ہی کا ہے | جو کچھ | آسمانوں میں ہے | اور زمین (میں) | یقیناً | وہ جانتا ہے

یقیناً جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ تعالیٰ ہی کا ہے،

مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ؕ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ

جو | تم | اس پر ہو | اور جس دن | واپس لائے جائیں گے | طرف اس کے

یقیناً جس روش پر تم ہو وہ جانتا ہے اور جس دن لوگ اس کی طرف واپس لائے جائیں گے

ع ۹ ۳ ۱۵

فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٦٤﴾ ع

تو وہ باخبر کردے گا اُنہیں | اس سے جو | اُنہوں نے عمل کیے | اور اللہ تعالیٰ | ہر چیز کو | خوب جاننے والا ہے

وہ انہیں اس سے باخبر کردے گا جو انہوں نے عمل کیے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔(64)

اٰیاتھا ۷۷ | ۲۵ سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ ۴۲ | رکوعاتھا ۶

سُورہ فرقان مکی ہے اس میں ستتر آیات اور چھ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ

بہت برکت والا ہے | جس نے | اُتاری | فیصلہ کرنے والی کتاب | اُوپر | اپنے بندے کے

بہت برکت والا ہے جس نے اپنے بندے پر فرقان اُتارا

لِّيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ۙ ﴿١﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ

تاکہ وہ ہو | تمام جہانوں کے لیے | ڈرانے والا | وہ جو | جس کے لیے | بادشاہی

تاکہ وہ تمام جہانوں کے لیے ڈرانے والا ہو۔(1) وہ جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ

آسمانوں کی | اور زمین کی | اور نہیں بنائی اس نے | کوئی اولاد | اور نہیں | کبھی ہے | اس کا

اور جس نے اولاد نہیں بنائی اور نہ کبھی بادشاہی میں کوئی اس کا شریک رہا ہے

شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ

کوئی شریک | بادشاہی میں | اور اُس نے پیدا کیا | ہر چیز کو | پھر اس نے اندازہ مقرر کیا اُس کا

اور جس نے ہر چیز کو پیدا کیا پھر اس کا اندازہ مقرر کیا،

تَقْدِيْرًا ﴿٢﴾ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا

پورا اندازہ | اور اُنھوں نے بنائے ہیں | اس کے سوا | ایسے معبود | نہیں وہ پیدا کر سکتے | کسی چیز کو

پورا اندازہ۔(2) اور لوگوں نے اس کے سوا ایسے معبود بنائے ہیں جو کسی چیز کو پیدا نہیں کر سکتے

وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا

اور وہ | وہ خود پیدا کیے جاتے ہیں | اور نہ وہ اختیار رکھتے ہیں | اپنے لیے | کسی نقصان کا

اور وہ خود ہی پیدا کیے جاتے ہیں اور نہ وہ اپنے کسی نقصان کا اختیار رکھتے ہیں

وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ﴿٣﴾

اور نہ نفع کا | اور نہ وہ اختیار رکھتے ہیں | موت کا | اور نہ زندگی کا | اور نہ اُٹھائے جانے کا

اور نہ ہی نفع کا اور جو نہ موت کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ زندگی کا اور نہ اٹھائے جانے کا۔(3)

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ

اور کہا | اُن لوگوں نے | جنھوں نے کفر کیا | نہیں ہے | یہ | مگر | من گھڑت چیز ہے

اور جن لوگوں نے کُفر کیا اُنھوں نے کہا ہے کہ یہ ایک من گھڑت چیز کے سوا کچھ نہیں

افْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۛۚ فَقَدْ

اس نے گھڑ لیا ہے — اور مدد کی ہے اُس کی — اس پر — لوگوں نے — دوسرے — سو یقیناً

جسے اس نے گھڑ لیا ہے اور اس پر دوسرے لوگوں نے اس کی مدد کی ہے سو یقیناً

جَآءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ۛۚ ④ وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ

وہ آئے ہیں — ظلم کو — اور سخت جھوٹ کو — اور اُنہوں نے کہا — کہانیاں ہیں — پہلے لوگوں کی

وہ ظلم اور سخت جھوٹ پر اتر آئے ہیں۔(4) انہوں نے کہا کہ یہ پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں

اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ⑤

لکھوار کھا ہے اس نے ان کو — پھر وہ — سنائی جاتی ہیں — اُس کو — صبح — اور شام

جنہیں اس نے لکھوار کھا ہے پس وہی اس کو صبح وشام پڑھ کر سنائی جاتی ہیں۔(5)

قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ

آپ کہہ دیں — نازل کیا ہے اُس کو — اس نے جو — وہ جانتا ہے — راز — آسمانوں کے

آپ کہہ دیں اس کو نازل کیا ہے اُس نے جو آسمانوں اور زمین کے راز جانتا ہے،

وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ⑥ وَقَالُوْا

اور زمین کے — یقیناً وہ — ہے — بے حد بخشنے والا — نہایت رحم والا — اور اُنہوں نے کہا

یقیناً وہ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(6) اور اُنہوں نے کہا

مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ

کیسا ہے — یہ — رسول — کھاتا ہے — کھانا — اور چلتا ہے

کہ یہ کیسا رسول ہے جو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا ہے؟

فِي الْاَسْوَاقِ ۭ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ

بازاروں میں — کیوں نہیں — اُتارا گیا — اس کی طرف — کوئی فرشتہ — پھر وہ ہوتا

اس کی طرف کوئی فرشتہ کیوں نہیں اُتارا گیا؟

مَعَهٗ	نَذِيۡرًا ۟ۙ	اَوۡ	يُلۡقٰۤى	اِلَيۡهِ	كَنۡزٌ	اَوۡ
ساتھ اس کے	ڈرانے والا	یا	ڈال دیا جاتا	اس کے پاس	کوئی خزانہ	یا

کہ وہ بھی اس کے ساتھ ڈرانے والا ہوتا؟(7) یا اس کے پاس کوئی خزانہ ہی ڈال دیا جاتا یا

تَكُوۡنُ	لَهٗ	جَنَّةٌ	يَّاۡكُلُ	مِنۡهَا ؕ	وَقَالَ	الظّٰلِمُوۡنَ
ہوتا	اس کے پاس	کوئی باغ	وہ کھاتا	اس میں سے	اور کہا	ظالموں نے

اس کے پاس کوئی باغ ہوتا جس سے وہ کھاتا اور ظالموں نے کہا

اِنۡ	تَتَّبِعُوۡنَ	اِلَّا	رَجُلًا	مَّسۡحُوۡرًا ۟	اُنۡظُرۡ	كَيۡفَ
نہیں	تم پیچھے چلتے ہو	مگر	ایک آدمی کے	سحر زدہ	آپ دیکھیں	کیسی کیسی

کہ تم تو ایک سحر زدہ آدمی کے پیچھے چلتے ہو۔(8) آپ دیکھیں آپ کے لئے وہ کیسی کیسی

ضَرَبُوۡا	لَكَ	الۡاَمۡثَالَ	فَضَلُّوۡا	فَلَا	يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ
وہ بیان کرتے ہیں	تمہارے لیے	مثالیں	سو وہ بہک گئے ہیں	چنانچہ نہیں	وہ استطاعت رکھتے

مثالیں بیان کرتے ہیں! سو وہ بہک گئے چنانچہ وہ کوئی راستہ نہیں

ع ۱ ۱۶

سَبِيۡلًا ۟ؒ	تَبٰرَكَ	الَّذِىۡۤ	اِنۡ	شَآءَ	جَعَلَ	لَكَ
کسی راستے کی	بہت برکت والا ہے	وہ جو	اگر	وہ چاہے	عطا کردے	آپ کو

پا سکتے۔(9) بہت برکت والا ہے جو اگر چاہے تو آپ کو

خَيۡرًا	مِّنۡ ذٰلِكَ	جَنّٰتٍ	تَجۡرِىۡ	مِنۡ تَحۡتِهَا	الۡاَنۡهٰرُ ۙ	
بہتر	اس سے	باغات	بہتی ہوں	جن کے نیچے سے	نہریں	

اس سے بہتر ایسے باغات عطا کردے جن کے نیچے نہریں

وَيَجۡعَلۡ	لَّكَ	قُصُوۡرًا ۟	بَلۡ	كَذَّبُوۡا	بِالسَّاعَةِ ۚ	
اور وہ بنا دے	آپ کے لیے	محلات	بلکہ	اُنہوں نے جھٹلایا ہے	قیامت کو	

بہتی ہوں اور آپ کے لیے محلات بنا دے۔(10) بلکہ اُنہوں نے قیامت کو جھٹلا دیا ہے

وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ﴿۱۱﴾ ج

اور تیار کر رکھی ہے ہم نے | اُس کے لیے جس نے | جھٹلایا | قیامت کو | بھڑکتی ہوئی آگ

اور جو قیامت کو جھٹلائے اُس کے لیے ہم نے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے۔ (11)

اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا

جب وہ دیکھے گی اُن کو | دور سے | وہ سن لیں گے | اس کی | سخت غصے والی آواز

وہ جب انہیں دور سے دیکھے گی تو وہ اس کا بپھرنا اور گدھے کی سی آواز

وَّزَفِيْرًا ﴿۱۲﴾ وَاِذَاۤ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا

اور گدھے کی آواز | اور جب وہ ڈال دیے جائیں گے | اس میں | تنگ جگہ میں

سن لیں گے۔ (12) اور جب وہ اس میں کسی تنگ جگہ پر آپس میں

مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿۱۳﴾ ط لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ

آپس میں جکڑے ہوئے | وہ پکاریں گے | وہاں | ہلاکت کو | نہ تم پکارو | آج

جکڑے ہوئے ڈال دیے جائیں گے تو وہاں وہ کسی ہلاکت کو پکاریں گے۔ (13) آج ایک ہلاکت کو نہ پکارو

ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۴﴾ قُلْ اَذٰلِكَ

ہلاکت کو | ایک | اور پکارو | ہلاکتوں کو | بہت سی | آپ کہہ دیں | کیا یہ

بلکہ بہت سی ہلاکتوں کو پکارو۔ (14) آپ کہہ دیں کیا

خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ط

بہتر ہے | یا | جنت | ہمیشہ کی | جس کا | وعدہ کیا گیا ہے | متقیوں سے

یہ بہتر ہے یا ہمیشہ کی جنت، جس کا وعدہ متقیوں سے کیا گیا ہے؟

كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِيْرًا ﴿۱۵﴾ لَهُمْ فِيْهَا مَا

وہ ہوگی | اُن کا | بدلہ | اور لوٹ جانے کی جگہ | اُن کے لیے (ہوگا) | اس میں | جو

جو ان کا بدلہ اور لوٹ جانے کی جگہ ہوگی۔ (15) اس میں ان کے لیے وہ سب کچھ ہوگا جو

يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا

وہ چاہیں گے ہمیشہ رہنے والے ہے آپ کے رب کے ذمہ ایک وعدہ

وہ چاہیں گے، ہمیشہ رہنے والے ہیں، آپ کے رب کے ذمہ ایک ایسا وعدہ ہے

مَّسْـُٔوْلًا ﴿١٦﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا

جس کا مطالبہ کیا جاسکتا ہے اور جس دن وہ جمع کرے گا اُنہیں اور ان کو بھی جن کی

جس کا مطالبہ کیا جاسکتا ہے۔(16) اور جس دن وہ انہیں جمع کرے گا اور انہیں بھی جن کی

يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ

وہ عبادت کیا کرتے تھے اللہ تعالیٰ کے سوا پھر وہ کہے گا کیا تم نے گمراہ کیا تم نے

وہ اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کیا کرتے تھے پھر وہ کہے گا: ''کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا

عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿١٧﴾ ؕ

میرے بندوں کو ان کو یا وہ خود ہی بھٹک گئے راستے سے

یا وہ خود ہی راستے سے بھٹک گئے؟''(17)

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ

وہ کہیں گے پاک ہے آپ کی ذات نہ تھا مناسب ہمارے لیے یہ کہ

وہ کہیں گے: ''پاک ہے آپ کی ذات، ہمارے لیے یہ مناسب ہی نہ تھا

نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ

ہم بنائیں آپ کے سوا کوئی سر پرست اور لیکن آپ نے دنیا کا سامان دیا اُن کو

کہ ہم آپ کے سوا دوسروں کو سر پرست بنائیں لیکن آپ نے ان کو

وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا

اور اُن کے باپ دادا کو یہاں تک کہ وہ بھول گئے یاد کو اور ہو گئے وہ

اور ان کے باپ دادا کو دنیا کا سامان دیا یہاں تک کہ وہ تیری یاد کو بھول گئے

قَوْمًا بُوْرًا ﴿۱۸﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا

لوگ | تباہ و برباد ہونے والے | سو یقیناً | اُنہوں نے جھٹلایا ہے تمہیں | بوجہ اس کے جو

اور وہ لوگ تباہ و برباد ہونے والے تھے۔(18) سو جو تم کہتے تھے انہوں نے یقیناً تمہیں جھٹلا دیا ہے

تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ

تم کہتے تھے | پس نہیں | تم استطاعت رکھتے | ہٹانے کی | اور نہ مدد کی | اور جو

پس اب تم نہ ہی عذاب ہٹانے کی استطاعت رکھتے ہو اور نہ اپنی مدد کر سکتے ہو اور

يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾

ظلم کرے گا | تم میں سے | ہم چکھائیں گے اسے | عذاب | بہت بڑا

تم میں جو بھی ظلم کرے گا اسے ہم بہت بڑا عذاب چکھائیں گے۔(19)

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ

اور نہیں | بھیجے ہم نے | آپ سے پہلے | رسولوں میں سے | مگر

اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجے مگر

اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِى الْاَسْوَاقِ ؕ

یقیناً وہ | وہ کھاتے تھے | کھانا | اور وہ چلتے تھے | بازاروں میں

وہ سب کھانا کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے تھے۔

وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ

اور بنایا ہے ہم نے | تم میں سے بعض کو | بعض کے لیے | آزمائش کا ذریعہ | کیا تم صبر کرتے ہو

اور ہم نے تمہیں ایک دوسرے کی آزمائش کا ذریعہ بنایا ہے، کیا تم صبر کرتے ہو؟

وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿۲۰﴾ ع

اور (ہمیشہ سے) ہے | رب آپ کا | سب کچھ دیکھنے والا

اور آپ کا رب ہمیشہ سے ہی سب کچھ دیکھنے والا ہے۔(20)

ع ۲ / ۱۱ / ۱۷